Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 13 | جمعرات 15 دسمبر، 2022ء 20 جمادی الاول 1444ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 217

ہمارے پاس بھی ٹیکس ٹو جی ڈی پی ریٹ بڑھانے کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہیں، دنیا کے متعدد بڑے ممالک کا قرض ٹو جی ڈی پی پاکستان سے کہیں زیادہ ہے

وزیر خزانہ: آئی ایم ایف کا نواں اور دسواں جائزہ ایک ساتھ ہو سکتا ہے

سبسڈی ٹارگٹڈ اور ایکسپورٹ بڑھانا ہوگی، بیرونی قرضوں پر مزید انحصار نہیں کر سکتے، ہمیں بہت سے سرکاری اداروں کو پرائیویٹائز کرنا چاہیے، تقریب سے خطاب

پاکستان نے آئی ایم ایف کے ساتھ اعتماد کا فقدان پیدا کیا، قرض دینے والوں کی اپنی شرائط ہوتی ہیں، آئی ایم ایف نے سیلاب بحالی کے اخراجات کی تفصیل مانگی ہے

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر سے) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان کو سبسڈی ٹارگٹڈ کرنا ہوگی اور ایکسپورٹ بڑھانا ہوں گی، کورونا وبا کی وجہ سے بہت سے ملکوں نے ٹیکس ریٹ میں اضافہ کیا، ہمارے پاس بھی ٹیکس ٹو جی ڈی پی ریٹ بڑھانے کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہیں، دنیا کے متعدد بڑے ممالک کا قرض ٹو جی ڈی پی پاکستان سے کہیں زیادہ ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ کورونا وبا کی وجہ سے بہت سے ملکوں نے ٹیکس ریٹ میں اضافہ کیا، ہمارے پاس بھی ٹیکس ٹو جی ڈی پی ریٹ بڑھانے کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہیں، دنیا کے متعدد بڑے ممالک کا قرض ٹو جی ڈی پی پاکستان سے کہیں زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ٹیکسوں کا دائرہ کار بڑھانے کی ضرورت ہے اور میں ایف بی آر کے ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم کی مکمل حمایت کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پانچ سال قبل ہم کہاں تھے اور اب کہاں ہیں، گزشتہ چار سالوں میں اکنامک مینجمنٹ مکمل طور پر ناکام رہی، چار سالوں میں ہمارے قرضے 30 سے 54 کھرب تک پہنچ گئے، میں بہت عرصے سے چارٹر آف اکانومی کا کہہ رہا ہوں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ امریکا، جاپان اور برطانیہ میں کہا جاتا ہے کہ ان کا ملک قرضوں (بقیہ نمبر 1)

15 سے 30 دسمبر انتہائی اہم قوم الیکشن کی تیاری پکڑ لے، شیخ رشید

میں عمرہ کر کے آیا ہوں، اللہ کے گھر میں بھی لوگ پاکستان کی فکر میں رو رہے ہیں، سابق وزیر داخلہ

راولپنڈی (عوامی للکار) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید نے ملکی سیاسی صورت حال سے متعلق کہا ہے کہ 15 سے 30 دسمبر انتہائی اہم ہیں، قوم الیکشن کی تیاری پکڑ لے۔ سربراہ عوامی مسلم لیگ شیخ رشید نے تقریب سے خطاب میں کہا کہ (بقیہ نمبر 4)

نیب کا مریم نواز اور کیپٹن ریٹائرڈ صفدر کی بریت کو چیلنج نہ کرنے کا فیصلہ

ڈی جی نیب راولپنڈی نے مریم نواز اور کیپٹن ریٹائرڈ صفدر کی بریت کے خلاف اپیلیں دائر نہ کرنے کی منظوری دی ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) قومی احتساب بیورو (نیب) نے مسلم لیگ ن کی نائب صدر مریم نواز اور ان کے شوہر کیپٹن ریٹائرڈ صفدر کی بریت کے فیصلے کو چیلنج نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ نیب نے ایون فیلڈ ریفرنس (بقیہ نمبر 3)

سفارتی عملے کی تنخواہیں روکنے کا معاملہ ٹرائیکا میں بعض اوقات تاخیر جاتی ہے، خارجہ

مشنز بیرون ملک پاکستان کی نمائندگی کرنے اور اپنے فرائض خوش اسلوبی سے سرانجام دینے کے لیے پُرعزم ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ترجمان دفتر خارجہ نے بیرون ملک پاکستان کے سفارتی عملے کی تنخواہیں روکے جانے کے حوالے سے میڈیا میں زیر گردش افواہوں کی تصدیق یا تردید کیے بغیر وضاحت دیتے ہوئے (بقیہ نمبر 2)

لاہور؛ ترجمان وزیر علی پنجاب مسرت جمشید چیمہ و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بعض قانونی رکاوٹیں دور کرنے کیلئے 5 رکنی کابینہ کی کمیٹی تشکیل، کابینہ کمیٹی اتحادی جماعتوں کے قائدین سے بات چیت کرے گی

وفاقی کابینہ نے ریکوڈک منصوبے کی حتمی ڈیل پر دستخط کرنے کی باضابطہ منظوری دیدی

حکومت پاکستان ریکوڈک منصوبے سمیت سرمایہ کاری کے دیگر تمام منصوبوں میں سرمایہ کاروں کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنائے گی، کئے گئے تمام وعدے پورے کیے جائیں گے، شہباز شریف

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی کابینہ نے ریکوڈک منصوبے کی حتمی ڈیل پر دستخط کرنے کی باضابطہ منظوری دیتے ہوئے بعض قانونی رکاوٹیں دور کرنے کیلئے 5 رکنی کابینہ کی کمیٹی تشکیل دیدی، کابینہ کمیٹی اتحادی جماعتوں کے قائدین سے بات چیت کرے گی اور اعتماد میں لے کر تحفظات دور کرے گی جبکہ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان ریکوڈک منصوبے سمیت سرمایہ کاری کے دیگر تمام منصوبوں میں سرمایہ کاروں کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنائے گی اور ان سے کیے گئے تمام وعدے پورے کیے جائیں (بقیہ نمبر 5)

مسلم لیگ (ن) نے آئندہ عام انتخابات کی تیاریاں کا آغاز کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) حکمران جماعت پاکستان مسلم لیگ (ن) نے آئندہ عام انتخابات کی تیاریاں کا آغاز کر (بقیہ نمبر 6)

2023ء مفاہمت کا سال ہو جائے تو سب کچھ ٹھیک ہو جائیگا، مشاہد حسین سید

نئے آرمی چیف کا معاملہ بہتر انداز میں حل ہو گیا تو باقی بھی ہو جائیں گے، میڈیا سے گفتگو

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سینیٹر مشاہد حسین سید نے کہا ہے کہ پاکستان کی سیاسی لیڈرشپ اور قوم میں بڑی جان ہے، سیاسی لیڈر کے لئے 2023 بہت ا (بقیہ نمبر 7)

آئین کی رو سے قومی اسمبلی مکمل، قانون سازی اسکا استحقاق ہے، سعد رفیق

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلویز و ہوا بازی خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ آئین کی رو سے قومی اسمبلی مکمل ہے، قانون سازی کرنا اسمبلی کا استحقاق ہے جسے چیلنج (بقیہ نمبر 28)

پنجاب میں آٹے کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، عام آدمی کی دسترس سے باہر

صوبے بھر کی ضلعی انتظامیہ نے چکی کے آٹے کی قیمتوں کو ریگولیٹ کرنے سے روک دیا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پنجاب میں چکی کے آٹے کی قیمت 130 روپے فی کلو تک پہنچ گئی جس کے بعد لاہور اور پنجاب کے دیگر بڑے شہروں میں آٹا عام لوگوں کی دسترس اور قوت خرید سے باہر ہو گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق عام طور پر روٹی اور نان بنانے کے لیے استعمال ہونے والے سادہ اور فائن آٹے کی قیمتیں بھی بالترتیب 1750 روپے (بقیہ نمبر 27)

بدمعاش پولیس افسر کو دیوار سے لگا دیں گے، لاہور ہائیکورٹ

جس کا دل کرتا ہے شہریوں کو اٹھا لیتا ہے، بدمعاشی کرنی ہے تو پھر ایسے پولیس افسر اس محکمے میں نہیں رہیں گے، جسٹس سرفراز ڈوگر کے ریمارکس

عدالت کا غیر قانونی حراست میں رکھے گئے تین افراد کو فوری رہا کرنے کا حکم، آئی جی آپریشنز نے عدالت سے غیر مشروط معافی مانگ لی

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور ہائیکورٹ نے غیر قانونی حراست میں رکھے گئے تین افراد کو فوری رہا کرنے کا حکم دیتے ہوئے ریمارکس دیئے ہیں کہ لاہور پولیس بدمعاش بن چکی ہے، ایک اشتہاری کو پکڑنے کے لیے پولیس نے پورے خاندان کا جینا حرام کر رکھا ہے، خوف کی علامت بننے والے بدمعاش پولیس افسروں کو دیوار سے لگا دیں گے جبکہ ڈی آئی جی آپریشنز نے عدالت سے (بقیہ نمبر 8)

سپیکر پنجاب اسمبلی محمد سبطین خان سے قونصل جنرل اسلامی جمہوریہ ایران محمد رضا ناظر ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کے ساتھ نویں جائزے سے متعلق بات چیت اب تک نتیجہ خیز رہی ہے، آئی ایم ایف

آئی ایم ایف ان پالیسیوں پر بات چیت جاری رکھنے کا خواہاں ہے جو سیلاب سے انسانی اور بحالی کی ضروریات کو مناسب طریقے سے پورا کرے، نمائندہ کی گفتگو

تاہم نویں جائزے کے حوالے سے باضابطہ مذاکرات کے شیڈول کو حتمی شکل نہیں دی جا سکی تھی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان میں عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی نمائندہ ایستھر پیریز روئیز نے کہا ہے کہ 7 ارب ڈالر کے توسیعی فنڈ سہولت (ای ایف ایف) کے نویں جائزے کیلئے پاکستان اور عالمی قرض دہندہ کے درمیان اب تک ہونے والی بات چیت نتیجہ خیز رہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان نے 2019 میں آئی ایم ایف کے ساتھ 6 ارب ڈالر کا معاہدہ کیا تھا (بقیہ نمبر 26)

الیکشن کمیشن نے فریال تالپور کیخلاف نااہلی کی درخواست مسترد کر دی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) الیکشن کمیشن نے پیپلز پارٹی کی رہنما اور سابق صدر آصف علی زرداری کی ہمشیرہ فریال تالپور کے خلاف نااہلی کی درخواست مسترد کر دی۔ بدھ کو الیکشن کمیشن نے فریال تالپور کی نااہلی کیس کا محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے ان کے خلاف نااہلی کی درخواست مسترد کر دی۔ الیکشن کمیشن نے اپنے فیصلے میں لکھا کہ جوابدہ فریال تالپور نے اپنے اثاثے ظاہر کیے، نااہلی کے لیے مواد اور ٹھوس ثبوت دینا ہوتا ہے، درخواست (بقیہ نمبر 25)

راولپنڈی، قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

اشتہاری مجرم فیاض الحق نے لین دین کے تنازعہ پر زہر دے کر محمد نعیم کو قتل کر دیا تھا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) روات پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرم فیاض الحق نے لین دین کے تنازعہ پر زہر دے کر محمد نعیم کو قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ رواں سال جنوری میں تھانہ روات میں درج کیا گیا تھا، واقعہ کے بعد اشتہاری مجرم گرفتاری سے بچنے کے لیے روپوش ہو گیا تھا۔ ایس پی صدر نے کہا کہ اشتہاری مجرم کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، سنگین مقدمات میں ملوث اشتہاری مجرمان کی گرفتاری کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

ملک بھر میں کورونا کیسز کی شرح میں مسلسل کمی

14 مریضوں میں عالمی وباء کی تشخیص، کورونا وائرس کا شکار 33 مریضوں کی حالت تشویشناک

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ملک بھر میں عالمی وباء کورونا وائرس کے کیسز کی شرح میں مسلسل کمی ہونے لگی، این آئی ایچ کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں کورونا وائرس کے 5 ہزار 702 ٹیسٹ کئے گئے جن میں سے 14 مریضوں میں عالمی وباء کی تشخیص ہوئی ہے۔ این آئی ایچ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا مثبت (بقیہ نمبر 11)

مراکش کے سفیر ایچ ای مسٹر محمد کرمون کا نیول ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد کا دورہ

معززین نے برادر ممالک کے درمیان بحری تعاون اور تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان میں مراکش کے سفیر ایچ ای مسٹر محمد کرمون نے نیول ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد کا دورہ کیا اور چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی میر (بقیہ نمبر 21)

مراکش کے سفیر ایچ ای مسٹر محمد کرمون کی چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی سے ملاقات

وکیل کو توہین عدالت کے الزام پر تین ماہ قید کی سزا دینے کیخلاف وکلاء کی ہڑتال جاری

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وکیل کو توہین عدالت کے الزام پر تین ماہ قید کی سزا دینے کے خلاف وکلاء کی ہڑتال دسویں روز بھی جاری رہی، وکلاء کی جانب سے بائیکاٹ کی وجہ سے ماتحت عدالتوں میں کیسز کی سماعت متاثر ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق لاہور بار ایسوسی ایشن نے پنجاب بار کونسل کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے ہڑتال کر رکھی ہے۔ سیشن عدالت سمیت ماتحت عدالتوں میں وکلاء کی دسویں روز بھی ہڑتال جاری رہی۔ ہڑ (بقیہ نمبر 9)

وفاقی حکومت کا نوجوانوں کو لیپ ٹاپ دینے کی اسکیم دوبارہ شروع کرنے کا اعلان

لیپ ٹاپس ٹرانس جینڈرز کو بھی دیئے جائیں گے، معاون خصوصی وزیراعظم شیزا فاطمہ

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی حکومت نے ایک بار پھر لیپ ٹاپ اور بلا سود قرض کی فراہمی کا پروگرام شروع کرنے کا اعلان کر دیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے امور نوجوانان شیزا فاطمہ نے کہا کہ لیپ ٹاپ پروگرام دوبارہ شروع کیا جا رہا ہے جس کے تحت وزیراعظم شہباز شریف لیپ ٹاپ نوجوانوں میں تقسیم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ای روزگار، ای لرننگ، لیپ ٹاپ اسکیم اور دیگر پروگرامز پر کام کیا گیا ہے، 4 سالوں میں 5 لاکھ کے قریب لیپ ٹاپ بانٹے گئے اور رواں سال ایک لاکھ لیپ ٹاپ دیئے جائیں گے جبکہ بلوچستان کیلئے لیپ ٹاپ کوٹہ ڈبل کر دیا ہے، اس کے علاوہ لیپ ٹاپ ٹرانس جینڈرز کو بھی دیئے جائیں گے۔ معاون خصوصی نے کہا کہ شہباز شریف کے نزدیک نوجوانوں کا روزگار سب سے اہم ہے، حکومت نے ایک سال میں 20 لاکھ نوجوانوں کو روزگار دینے کا منصوبہ بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بزنس اینڈ ایگری کلچر لونز (بقیہ نمبر 10)

کرپٹ پی ڈی ایم ٹولے نے نیب کے پر کاٹ دیئے ہیں، عمر سرفراز چیمہ

پی ڈی ایم مافیا جی بھر کر ملک کو لوٹے؛ اب کوئی ادارہ پوچھنے والا نہیں، مشیر داخلہ و اطلاعات پنجاب

امپورٹڈ ٹولے کو اقتدار سے بیدخل نہ کیا گیا تو ملک کو ناقابل تلافی نقصان اٹھانا پڑے گا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) مشیر داخلہ و اطلاعات پنجاب عمر سرفراز چیمہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ کرپٹ پی ڈی ایم ٹولے نے نیب کے پر کاٹ دیئے ہیں۔ پی ڈی ایم مافیا جی بھر کر ملک کو لوٹے؛ اب کوئی ادارہ پوچھنے والا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان قومی خزانے میں خاطر خواہ رقم چھوڑ کر گئے جبکہ پی ڈی ایم حکومت نے صرف اپنے اربوں کے کیسز معاف کروائے اور ملک کو تباہ کر دیا۔ شہباز زرداری حکومت نے قومی خزانے کو 'مال مفت دل بے رحم' کی طرح لوٹ کر ملک کی جڑوں کو کھوکھلا کر دیا ہے۔ فرزند زرداری بلاول کی وزیر خارجہ بننے کے بعد بیرونی دوروں کے نام پر عیاشیاں ملکی خزانے کو کروڑوں کا نقصان پہنچا رہی ہیں۔ عمر سرفراز چیمہ نے مزید کہا کہ امپورٹڈ ٹولے کو اقتدار سے بیدخل نہ کیا گیا تو ملک کو ناقابل تلافی نقصان اٹھانا پڑے گا۔ پی ڈی ایم ٹولہ آئندہ انتخابات (بقیہ نمبر 13)

وزیر خارجہ جی 77 گروپ اجلاس کی صدارت کیلئے نیویارک پہنچ گئے

نیویارک میں اپنے 6 روزہ قیام کے دوران وزیر خارجہ جی 77 اور چین کی وزارتی کانفرنس کی میزبانی اور صدارت کریں گے

پاکستان نے نے جنوری 2021 میں گروپ کی سربراہی سنبھالی تھی 2023 میں کیوبا جی 77 اور چائنا گروپ کی سربراہی کریں گے

نیویارک (نیوز ڈیسک) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری 7 روزہ دورے پر امریکی شہر نیویارک پہنچ گئے جہاں وہ اقوام متحدہ کے ہیڈ کوارٹر میں عالمی رہنماؤں اور واشنگٹن میں اعلیٰ امریکی حکام سے ملاقات اور اہم امور پر تبادلہ خیال کریں گے۔ اسلام آباد سے دورے پر روانگی کے بعد ان کے دفتر سے جاری ہونے والے ایک بیان میں کہا گیا کہ وزیر خارجہ کے دورے کے پروگرام میں امریکی شہر نیویارک اور واشنگٹن میں مختلف کثیر جہتی اور دوطرفہ مصروفیات شامل ہیں۔ نیویارک میں اپنے 6 روزہ قیام کے دوران وزیر خارجہ جی 77 اور چین کی وزارتی کانفرنس کی میزبانی اور صدارت کریں گے، جی 77 یو این سسٹم میں ترقی پذیر ممالک کا سب سے بڑا مذاکراتی بلاک ہے۔ نیویارک میں اپنے قیام کے دوران بلاول بھٹو زرداری اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس سے بھی ملاقات کریں گے، (بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد: صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر راشد منظور تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

ایمرجنسی ریسپانس کمیٹی کا اجلاس، ڈینگی کے خاتمہ کیلئے چیکنگ جاری رکھنے کی ہدایت

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) محکمہ اوقاف و مذہبی امور کے سیکرٹری و چیف ایڈمنسٹریٹر میاں ابرار احمد کی زیر صدارت ایمرجنسی ریسپانس کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقع پر ڈاکٹر احمد افنان ایڈیشنل سیکرٹری اوقاف، کاشف جلیل ڈپٹی سیکرٹری اوقاف، ڈاکٹر زاہد ڈی ڈی ایچ او، ڈاکٹر عبدالحمید ایم ایس داتا دربار ہسپتال، محمد نعمان سیفی ایگزیکٹو آفیسر داتا دربار اور تمام متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ تما سرویلینس ٹیمیں ا (بقیہ نمبر 23)

نیا ٹرینڈ شروع ہو گیا ہے پورے پاکستان میں پرچے درج ہو رہے ہیں، جسٹس طارق محمود

عدالت کسی ایک مسئلے پر ملک بھر میں مقدمات درج کئے جانے کا معاملہ ہمیشہ کیلئے طے کر دیگی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس طارق محمود جہانگیری نے کہا ہے کہ عدالت کسی ایک مسئلے پر ملک بھر میں مقدمات درج کئے جانے کا معاملہ ہمیشہ کیلئے طے کر دیگی۔ بدھ کو اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس طارق محمود جہانگیری نے جاوید لطیف کی پریس کانفرنس سرکاری ٹی وی چینل پی ٹی وی پر نشر کرنے پر دہشت (بقیہ نمبر 14)

انہیں معاشرے کے مرکزی دھارے میں لانے کے لئے ان کو قابل بنائے

مصنوعی اعضا کی فراہمی جسمانی معذوری میں مبتلا افراد کی زندگیوں کو بدل دے گی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) محترم وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق میاں ریاض حسین پیرزادہ نے ڈائریکٹوریٹ جنرل آف اپیشل ایجوکیشن) ڈی جی ایس ای (کے زیر اہتمام جسمانی طور پر معذور بچوں کے لئے نیشنل اسپیشل ایجوکیشن سینٹر میں آج آرتھوپیڈک ورکشاپ کا افتتاح کیا۔ تقریب میں وزارت انسانی حقوق کے نمائندوں، سرکاری (بقیہ نمبر 15)

لاہور: رانا مبشر اقبال ماڈل ٹاؤن میں ورکرز کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

راولپنڈی پولیس میں کڑے احتساب کا عمل جاری

شہری کی پولیس اہلکاروں کیخلاف شکایت پر سی پی او اور اولپنڈی کا نوٹس

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) شہری کی جانب سے پولیس اہلکاروں کے خلاف اختیارات سے تجاوز، بدعنوانی اور ناروا سلوک کی شکایت پر سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری نے نوٹس لیتے ہوئے الزام علیہ اہلکار عاصم نیازی اور مقصود کو معطل کر کے مقدمہ درج (بقیہ نمبر 19)

رواں سال کی آخری قرعہ اندازی (آج) ہوگی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) 200 روپے مالیت کے قومی انعامی بانڈز کی قرعہ اندازی آج 15 دسمبر کو ہوگی جو رواں سال کی آخری قرعہ اندازی ہے۔ 200 روپے مالیت کے بانڈز کا پہلا انعام 7 لاکھ 50 ہزار روپے کا 1، دوسرے انعام میں اڑھائی لاکھ روپے کے 5 جبکہ تیسرے میں 1250 روپے کے 2394 انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔

لاہور: شائستہ پرویز ملک ماڈل ٹاؤن میں ورکرز کنونشن سے خطاب کر رہی ہیں

سپریم کورٹ نے ڈکیتی کے ملزم کی نوکری برخاستگی کیخلاف درخواست مسترد کر دی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سپریم کورٹ کے چیف جسٹس عمر عطاء بندیال نے پولیس ملازمت سے برخاستگی کے خلاف دائر درخواست کی سماعت کے دوران (بقیہ نمبر 17)

پاکستان چین کی سیڈ آئی ڈی ٹیکنالوجی متعارف کرائے گا

بیجوں کے میعار کا زیادہ آسانی اور مؤثر طریقے سے پتہ لگایا جائیگا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان چین کی سیڈ آئی ڈی ٹیکنالوجی متعارف کرائے گا، بیجوں کے میعار کا زیادہ آسانی اور مؤثر طریقے سے پتہ لگایا جائے گا، یہ نئی اقسام کی منظوری، بیج کی افزائش کی رہنمائی، اور بیج کے معیار اور تحفظ کو فروغ دیگا۔ چائنا اکنامک (بقیہ نمبر 16)

مبینہ بیٹی چھپانے کا معاملہ، عمران خان کیخلاف نااہلی کیس 20 دسمبر کو سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی جانب سے مبینہ بیٹی کو کاغذات نامزدگی میں چھپانے کے معاملے پر اسلام آباد (بقیہ نمبر 21)

چین، کوپ 15 کے دوسرے مرحلے میں مثبت پیش رفت

اجلاس "پوسٹ 2020 عالمی حیاتیاتی تنوع فریم ورک" تک پہنچ جائے گا

بیجنگ (نمائندہ عوامی للکار) حیاتیاتی تنوع سے متعلق کنونشن کے فریقین کی کانفرنس کے پندرہویں اجلاس (کوپ 15) کے دوسرے مرحلے میں حاصل ہونے والی پیشرفت سے متعارف کروانے کیلئے کانفرنس کے صدر کی دوسری پریس کانفرنس (بقیہ نمبر 22)

عمران خان 17 دسمبر کو کارکنان کو ہم آہنگی سیاسی لائحہ عمل سے آگاہ کرینگے، مسرت چیمہ

انٹرن شپ پر لگائے گئے وزیر خارجہ سیر سپاٹوں پر عوام کے پیسے خرچ نہ کریں، ترجمان وزیراعلیٰ و پنجاب حکومت

ان شا اللہ 17 دسمبر بروز ہفتہ پاکستان تحریک انصاف لبرٹی چوک پر بھرپور احتجاجی مظاہرہ کرے گی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) ترجمان وزیراعلیٰ و پنجاب حکومت مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ امپورٹڈ حکومت میں ملک مسلسل تنزلی کی طرف سفر کر رہا ہے، گزشتہ چند ماہ میں لاکھوں لوگ بیروزگار ہو چکے ہیں اور خوراک کے بحران کا خطرہ ہے، ہم عوام کو مزید مشکلات کا شکار ہوتے نہیں دیکھ سکتے، فوری الیکشن ہی معاشی و سیاسی استحکام کا ضامن ہیں۔ ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ انٹرن شپ پر لگائے گئے وزیر خارجہ سیر سپاٹوں پر عوام کے پیسے خرچ نہ کریں، نااہل وزراء بچہ کھچا خزانہ اپنی عیاشیوں اور ناکام دوروں پر خرچ کر رہے ہیں، چند روز میں منتخب حکومت کے اتحادیوں کا شیرازہ بکھرتا نظر آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے "الیکشن کراؤ ملک بچاؤ" ریلیوں میں بھرپور شرکت کر کے امپورٹڈ حکومت کے خلاف اپنا فیصلہ دے دیا ہے۔ ان شا اللہ 17 دسمبر بروز ہفتہ پاکستان تحریک انصاف (بقیہ نمبر 18)

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

تجربہ کاروں کی پنجاب میں نئی سیاسی چال

پاکستان میں معاشی ابتری پر قابو پانے کی سرتوڑ کوششوں کے باوجود تاحال عوام کے حقیقی ریلیف کی کوئی بہترین صورت سامنے نہیں آرہی، ہوشربا مہنگائی پر کنٹرول کرنے کے بیشتر دعوے پانی کے بلبلے کی سی حیثیت رکھتے ہیں کیونکہ وسائل کی کمی اور معاشی نظم ونسق کے بگاڑ سے کہیں کوئی اچھا کام ہوتا بھی ہے تو اس سے کہیں زیادہ مسائل اس کام کا کریڈٹ غارت کردیتے ہیں، سیلاب کی تباہ کاریوں کے مابعد اثرات نے بھی سردیوں کے بڑھنے پر اپنا اصل رنگ دکھانا شروع کردیا ہے، اس وقت قوم کو یکجا ہوکر قومی مفاد کے لیے ایک صفحے پر آنے کی اشد ضرورت ہے، ماضی میں ملک اس نہج پر کبھی نہیں پہنچا، آج مسائل کو مزید گھمبیر بنانے کی نئی روایت بھی سیاست دانوں کے طرز سیاست نے پیدا کردی ہے، حکومت کے لئے بیک وقت اندرونی و بیرونی دشمنوں سے نبرد آزما ہونے کے سبب بہت زیادہ مشکلات کا سامنا ہے، سیاست میں مقدم کیا ہے اس کے بارے میں حالات کھل کر عوام کے سامنے آچکے ہیں، اب قومی مفاد کی جگہ اقتدار کے حصول نے لے لی ہے، قومی سطح کے سیاستدانوں کی سوچ کا محور اقتدار کا حصول ہے، اس کے لئے ہر حربہ استعمال کیا جانے لگا ہے، قومی املاک اور قومی دولت کو نقصان پہنچانے سے بھی گریز نہیں کیا

جاتا، سابق وزیراعظم عمران خان نے اپنے چار سالہ اقتدار کے جوبن پر اپنی ناتجربہ کاری کا اعلان کرتے ہوئے ملکی مسائل حل کرنے کی بجائے الٹا بگاڑ کی صورت پیدا کرلی تو آگے چل کر مقتدر قوتوں کو بھی اس کا شدت سے احساس ہوا، حالات بہتر بنانے کی خاطر سیاستدانوں کو ایک صفحے پر آنا چاہئے تھا مگر اس کی اقتدار پرستوں نے ضرورت محسوس نہ کی اور خرابی بڑھتی چلی گئی، ہوشربا مہنگائی سے عوام کی اعلانیہ چیخیں نکلوانے کا سلسلہ جاری رکھا گیا تو حالات نے کروٹ لی، پی ٹی آئی کے طاقتور حامی بھی ''نیوٹرل'' ہوگئے، پارلیمنٹ کے تجربہ کار سیاستدانوں نے بساط پلٹ کر رکھ دی اور اس صدمے سے تاحال کپتان باہر نہیں آسکے، خود بہت بڑے کھلاڑی ہونے کے باوجود اپنی شکست فاش کو کسی غیبی طاقت کی کارستانی قرار دینے پر بضد رہے، چند ووٹوں کی لولی لنگڑی حکومت کے ختم ہونے پر واویلا شروع کردیا، کئی بیانیوں پر ڈٹ کر یوٹرن لینے کا سلسلہ شروع کیا گیا، اپنی حکومت کے خاتمے کو غیر ملکی سازش کا شاخسانہ قرار دینے کے طویل بیانیہ سے بھی اب تو تائب ہوکر یوٹرن لے چکے، عام انتخابات اگرچہ سر پر آچکے ہیں پھر بھی قبل از وقت الیکشن کا مطالبہ سبھی سے بالاتر ہے جس کے لئے ایک نئی چال چلنے کا اعلان ہوا کہ خیبر پختونخوا اور پنجاب کی اسمبلیوں کو تحلیل کرکے سیاسی بحران کے نتیجے میں فوری الیکشن کی راہ ہموار کریں گے، اسمبلیاں توڑنے کے اعلان کے بعد سے اب تک آبادی کے لحاظ سے پاکستان کے سب سے بڑے صوبے پنجاب میں چودھری پرویز الٰہی شائد انکی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ بن چکے ہیں، زبانی کلامی تو انہوں نے عمران خان کی ہاں میں ہاں ملائی تھی مگر اب خود جیئر مین تحریک انصاف اس بات کا برملا اعتراف کررہے ہیں کہ چودھری پرویز الٰہی پنجاب حکومت چلانا چاہتے ہیں، ق لیگ کے ساتھ پی ڈی ایم کی مخلوط وفاقی حکومت بھی اب رابطے تیز کرچکی، پرویز الٰہی نے نہایت مہارت کیساتھ پی ٹی آئی کے ارکان پنجاب اسمبلی کو ہم خیال بنالیا ہے، صوبے میں تعمیر وترقی کا تیز رفتار جال بچھانے سے ترقیاتی فنڈز ایم پی ایز کو تفویض کرچکے ہیں، صوبے کے ترقیاتی کاموں کیلئے 726 ارب روپے کے فنڈز میں سے 196 ارب روپے کے ریکارڈ فنڈ کا استعمال حکومت پنجاب کا اعزاز قرار دیا جارہا ہے۔ جنوبی پنجاب کے عوام کی ترقی کیلئے 255 ارب روپے مختص ہوئے اور اب 600 ارب روپے سے زیادہ فنڈز کے استعمال کا واضح امکان نظر آرہا ہے تو پھر پی ٹی آئی کے ایم پی ایز کیوں اسمبلی توڑنے والے بیانیہ کا ساتھ دیں گے؟ عمران خان نے پنجاب میں وزارت اعلیٰ کا منصب مجبوری میں پرویز الٰہی کے حوالے کیا اور مستقبل کے حوالے سے بھی وہ یہ واضح طور پر کہہ رہے ہیں کہ'' آئندہ انتخابات کے بعد پرویز الٰہی کو وزیراعلیٰ بنانے کی کوئی بات نہیں ہوئی، دوسرا ذرائع یہ بھی بتاتے ہیں کہ عمران خان اب پرویز الٰہی کو وزیراعلیٰ پنجاب بنوا کر پچھتا رہے ہیں اور تلملا رہے ہیں کیونکہ چودھری پرویز الٰہی نے انتہائی سمجھ داری، دوراندیشی اور معاملہ فہمی کا بھرپور مظاہرہ کرتے ہوئے زبان سے حکومت ختم کرنے کے حوالے سے انکار نہیں کیا اور ہاتھ سے پنجاب حکومت کے نکلنے کا امکان ہی نہیں چھوڑا، چودھریوں کی خاندانی روایات میں اقتدار کی دراڑ بھی شائد وقتی ثابت ہوئی کیونکہ چودھری شجاعت اور پرویز الٰہی کے رابطے بحال ہونے کی خبریں قومی اخبارات کی شہہ سرخیوں میں دیکھی جارہی ہیں، دوسری طرف ن لیگ کے مشروط طور پر پرویز الٰہی کو وزیراعلیٰ پنجاب قبول کرنے کی اطلاعات بھی ہیں۔

احساس

دنیا کا نقشہ جیسے جیسے تبدیل ہوتا گیا لوگوں کے رکھ رکھاؤ، لباس، زبان، رویئے، کھانا پینا، کھیل کود اور رہن سہن سب ایڈوانس ہوگیا۔ اس کے ساتھ ساتھ انسان کی سمجھ بوجھ کا دائرہ وسیع ہوا ہے وہیں اب بھی انگنت لوگ ایسے بھی موجود ہیں جو اپنی سمجھ بوجھ کو محدود رکھے ہوئے ہیں۔ محدود سوچ رکھنے والوں کی وجہ سے اکثر وبیشتر معاشرے میں کافی مسائل درپیش رہتے ہیں۔ ان مسائل کی ایک بڑی فہرست بنائی جاسکتی ہے۔ میں اپنے کالم میں احساس پر بات کرنا چاہونگی۔ اللہ تعالیٰ نے کائنات میں بہت سے جاندار پیدا کیئے ہیں ان تمام جانداروں میں اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات کا درجہ عطا فرمایا ہے۔ انسان کو بہت بڑا درجہ اسلیے دیا گیا کہ انسان کے اندر جان ہونے کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ نے بہت سے احساسات بھی رکھے، خوشی، غم، ہنسنا، رونا اور احساس کرنا وغیرہ۔ استاد سے اور کتابوں سے وہ سبق ہم نہیں سیکھ پاتے جو زندگی گزارتے وقت ہیں سیکھنے پڑتے ہیں یہ سبق ایسے کڑوے اور میٹھے سچ پر مبنی ہوتا ہے جو آئے دن ہم اپنی روزمرہ کی زندگی میں دیکھتے اور پرکھتے ہیں۔ ہم انسان احساس جیسی خوبصورت صفت سے آری ہوگئے ہیں کسی کا احساس کرنا ہی نہیں آتا۔ دفاتر ہوں یا اور دوسرے کام کاج والے ادارے اکثریت لگی ہوئی ہے ایک دوسرے کے کام بگاڑنے میں۔ کوئی کسی کو خوشحال اور کامیاب نہیں دیکھ پارہا تو کوئی کسی کی کرسی چھیننے پر تلا ہوا ہے، تو کوئی کسی کو اونچائی سے گرانے کے ہتھکنڈے اختیار کررہا ہے۔ میں نے بھی اپنی زندگی میں ایسے سبق سیکھے ہیں بس تعجب اس بات پر ہوتا ہے کہ بھلا ایسے کیسے لوگ کسی کو بھی نقصان پہنچانے کا خیال بھی دل میں لے آتے ہیں؟ عزت، شہرت، دولت اور ترقی یہ سب محنت کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ ہی عطا فرماتے ہیں اور جسے چاہے اتنی ترقی اور رزق عطا فرماتے ہیں۔ اس بات پر ایمان لانا بھی ایمان کا حصہ ہے، مگر افسوس کے مسلمانوں کا ایمان کمزور ہوگیا ہے۔ بجائے محنت کرکے اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں ترقی کرنے والوں سے جلن اور حسد کرتے ہیں۔ ہمیں دوسروں کو خوش دیکھ کر خوش ہونا چاہیے، کوئی ترقی کررہا ہے تو خوش ہونا چاہیے۔ دیکھا۔ جائے تو زمین جائیداد کوئی بھی انسان اپنے ساتھ قبر میں لے کر نہیں جائیگا صرف اعمال کا۔ حساب لیا جائیگا قبر میں۔ غریبوں کا، ضرورت مندوں کا، پریشان حال لوگوں کا احساس کیا کریں۔ جیسے بھی ممکن ہو انکی مدد کیا کریں۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہترین بننے کی کوشش کیا کریں انسانوں کے آگے اچھا بننے سے بہتر ہے اللہ رب العزت کے سامنے اچھا بنا جائے۔ اللہ تعالیٰ کی خوشی حاصل کرنے کے لیے بھائی بہن، رشتے داروں، اور دوسرے انسانوں کا احساس کیا کریں۔ اللہ تعالیٰ میرا اور آپ سبکا حامی وناصر۔

نازیہ دانش بنت سید منصور علی

ہمارے لئے ایک پیغام

وارث دیناری

اس نے دیکھایا، بھی تو سکھایا بھی۔ لیا بھی تو دیا بھی، اس نے جاتے ہوئے بہت کچھ کیا بلکہ اس نے تو دنیا ہی کو بدل دیا ہے۔ آج ہی ایک بار پھر کووید 19 کا ذکر کررہا ہوں، جس نے چائنا میں ایک بار پھر سر اٹھایا ہے جس نے دنیا کا نقشہ تو نہیں بدلا۔ لیکن اس میں رہنے والوں کا بہت کچھ بدل ڈالا ہے۔ اس نے دنیا کے تمام ممالک چاہئے وہ ترقی یافتہ امیر ہوں یا ترقی پذیر غریب سب کو سخت پریشانی میں بلکہ ہر انسان کو پریشان کرکے رکھ دیا کئی خوشحال ملکوں کی معیشت کو بیٹھا دیا تو غریب ملکوں کی معاشی حالت انتہائی ابتر کردیے۔ ہر طرف خوف کا ماحول پیدا کردیا۔ ہر وقت لاک ڈاون اور اموات کی خبریں ٹیلی وژن پر نشر ہونے لگی ہیں اخبارات میں بھی یہی کچھ ہونے لگا تھا۔ یہ سب کچھ دیکھ کر لوگ زندگی سے مایوس ہونے لگے لاک ڈاون کی وجہ سے لوگ گھروں میں قید ہوکر رہ گئے۔ سڑکیں سنسان، بازاریں ویران۔ لوگ حیران آخر کیا ہوگیا اس دنیا کو یہ منظر سب نے دیکھا۔ پھر یہ بھی دیکھا کہ کس طرح مصیبت کی اس گھڑی میں اپنے کس طرح پرائے ہوگئے ہیں اور پرائے اپنے بن گئے ہیں۔ اسی کرونا نے لوگوں کے چہروں سے نقاب اتروا کر ان کا اصلی چہرہ سب کو دیکھایا۔ میرے علاقے کا ایک ویڈیو بہت وائرل ہوگیا جس میں حالیہ سیلاب کے دنوں میں ایک انتہائی بااثر قبائلی شخصیت صوبائی وزیر اپنے قبیلے کے معتبرین سے ہاتھ ملانے سے انکار کرتا جب کہ اسی شخصیت کو وزیراعظم کی آمد کے موقعہ پر لوگوں کے ہجوم میں وزیراعظم کے ساتھ کھڑے لوگوں سے ملتے ہوئے دیکھایا گیا غرض کرونا نے ہمیں بہت کچھ دیکھایا شرط یہ کہ دیکھنے والی آنکھ ہو۔ اسی طرح اس نے سکھایا بھی بہت کچھ ہے گھر میں بیٹھے آن لائن کاروبار کرنا گھر ہی میں رہ کر ہی کس طرح آن لائن تعلیم حاصل کرنا گھر میں بیٹھ کر دفتری امور انجام دینا دوروں کی بجائے ویڈیو لنک کے ذریعے کانفرس کال پر امور نمٹانا ہنڈ واش سینیٹائزر بنانا۔ کھانا کھانے سے پہلے اور بیت الخلا جانے کے بعد کس طرح ہاتھ دھونا ہے سب کو سکھادیا ہے صفائی ستھرائی کے تمام طریقے کرونا ہی کی بدولت سیکھے ہیں اور بہت کچھ کرونا نے ہمیں سکھایا ہے۔ اس کے ساتھ کرونا نے ہم سے لیا بھی بہت کچھ 160 سے زیادہ ممالک اس وبا سے متاثر ہوئے جبکہ کئی نامور شخصیات جن میں پارلیمنٹرین مذہبی رہنما۔ میڈیا سے تعلق رکھنے والے نامور شخصیات سمیت کھیل شوبزنس سے تعلق رکھنے والے لاتعداد افراد میرے اپنے عزیزوں اقارب اس کرونا کی بھینٹ چڑھ گئے ہیں۔ اب دینے کی باری آئی تو کرونا نے دیا بھی بہت کچھ ایک بہترین سبق دیا ساتھ میں کرپٹ لوگوں کو خوب پیسہ اور مراعات دیا کرونا کے نام پر مختلف محکموں کے راشی آفیسران نے جو لوٹ مار کیا اس کی کوئی مثال نہیں ملتی ہے کرونا کے نام پر کئی ماہ تک سرکاری ملازمین گھر بیٹھے تنخواہیں لیتے رہے۔ سب سے اہم بات کرونا کی وجہ سے بعض بے پردہ خواتین کو ماسک کی صورت میں پردہ بھی ملا اور فیشن بھی جبکہ رہزنی کرنے والے ڈاکیتوں کو شناخت چھپانے کا بہانہ اور موٹر ہتھیار بھی موٹر سائیکل اور پیدل چلنے والوں کو ڈسٹ اور گاڑیوں کے دھوئے آلودگی سے بچنے کا آلہ بھی پیلے دانتوں کو چھپانے منہ دھوئے میک اپ کے بغیر گھر سے نکلنے آفیس یا بازار میں جانے میں آسانی کا سامان بھی۔ ویسے کووید 19 کی آمد سے قبل ہم نے سرجیکل ماسک اور این 95 ماسک دیکھے تھے لیکن اس وقت ماسک کی صورت میں مختلف ڈیزائن اور رنگوں کی بہار آگئی ہیں۔ یہاں تک بعض امیر عرب ممالک کی خواتین ماسک پر سونے اور چاندی کی تاروں سے کشیدہ کاری بھی کرواتی ہیں۔ ہمارے یہاں بھی درجنوں کلرز اور کئی طرح کے ڈیزائن میں ماسک دستیاب ہیں اب ہمارے یہاں جس رنگ کے کپڑے اسی کلر کا ماسک فیشن بن گیا ہے۔ جہاں بھی جائیں دوکان چھوٹا ہو یا بڑا۔ اس میں ہر کلر اور ہر ڈیزائن کے ماسک آپ کو ضرور ملیں گے پردہ نہ کرنے والی خواتین نے فیشن کے طور پر ماسک کو اپنایا ہے جس کیلئے میں کہوں گا شکریہ کورنا۔ لیکن شکریہ تو ڈینگی کا بھی کرنا بنتا ہے کیونکہ ڈینگی نے بھی ہمیں چست اور مختصر لباس کی جگہ پر لمبی قمیض اور بڑے بازوں کھولے لباس پر مجبور کردیا ہے مجھے تو یوں لگتا ہے یہ تمام بیماریاں اسلام کے اصولوں پر زندگی بسر کروانا چاہتے ہیں۔ ویسے بھی صحت مند زندگی گزارنے کیلئے ہمیں ہر حال میں اسلامی اصولوں کو اپنانا ہوگا مختلف خطرناک بیماریوں سے بچنے کا ایک ہی حل سادگی اختیار کرنا ہے۔ اسلام میں سادگی پر بہت زیادہ زور دیا گیا ہے زندگی کے ہر شعبے میں سادگی اختیار کرنے سے ہم کئی پریشانیوں بیماریوں سے بچ سکتے ہیں کھانے پینے کو ہی لے لیں۔ کھانے سے پہلے بھوک لازمی ہو۔ حکم ہوا ہے کہ پیٹ کو تین حصوں میں تقسیم کیا جائے ایک حصہ کھانے کیلئے ایک تہائی پانی کیلئے اور ایک تہائی حصہ سانس لینے کیلئے ہو۔ بھوک باقی ہے تو کھانے سے ہاتھ کھینچ لے۔ ہم نے دیکھا کہ اس پر عمل کرنے والے کئی طرح کے بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں جبکہ دوسری جانب بسیار خوری کرنے والے افراد جلد ہی موٹاپے کا شکار ہوکر چلنے پھرنے سے بھی رہ جاتے ہیں اور پھر مختلف بیماریوں میں مبتلا ہوجاتے ہیں۔ اسلام میں سہل پسندی آسائش پسندی کو پسند نہیں کیا گیا ہے۔ شراب نوشی سے کئی طرح کی بیماریاں جنم لیتی ہیں جن میں دل اور جگر کی بیماری سرفہرست ہیں اس لئے اسلام میں شراب پینے کو حرام قرار دیا گیا اور شراب کو ام الخبائث کہا گیا ہے۔ جنسی بے راہ روی سے ایڈز جیسی خطرناک بیماری تیزی کے ساتھ پھیل رہی ہے۔ ایچ آئی وی ہو یا ڈینگی، کورنا۔ چاہئے دل وجگر کی بیماری سب سے بچنے کا واحد حل اسلامی اصولوں پر سادہ طرز۔ زندگی گزارنے میں ہے۔ اگر بیماریوں پریشانیوں سے بچنا ہے تو سادگی اور سادہ طرز زندگی کی طرف لوٹ کر آنا ہوگا۔ خوشی سے نہیں تو

روز ویلیٹ ہوٹل اور ڈیفالٹ

روبیل اکبر

آجکل ملک اور ملک سے باہر پاکستان کے ڈیفالٹ کا بہت ذکر ہورہا ہے ایسی باتیں کیوں ہورہی ہیں اور انکی وجہ کی ہے اس پر سوچنے کی بات ہے یہ ملک ہمارا گھر ہے اسے ہم سب نے ملکر بچانا ہے ڈیفالٹ سے بھی اور چوروں، ڈاکوؤں، لٹیروں اور ٹھگوں سے بھی خواہ وہ کوئی سیاسی ہو، سماجی ہو، فوجی ہو یا پبلک سرونٹ ہو پاکستان کو جتنا لوٹا، نوچا اور کھسوٹا گیا اور پھر اسکے باوجود نہ صرف اپنے پاؤں پر کھڑا رہا بلکہ ہم جیسے نکمے، کاہل اور کام چوروں کو بھی دنیا میں عزت سے نوازتا رہا اور خراج تحسین کے مستحق ہیں وہ لوگ جو پاکستان سے باہر ملک وقوم کی خدمت میں مصروف ہیں گذشتہ روز جدہ میں پاکستان کے کونسل جنرل خالد مجید سے ملاقات ہوئی بہت ہی خوبصورت اور نفیس انسان ہیں کشمیری ہونے کے ناطے پاکستان کا دکھ سمجھتے ہیں اور پاکستانیوں کی مدد کرکے انکی دعائیں سمیٹتے ہیں یہی وجہ ہے کہ کچھ عرصہ پہلے وینٹی لیٹر پر رہنے کے باجود اللہ تعالیٰ نے انہیں دوبارہ زندگی سے نوازا جنہیں وہ لوگوں کی دعاؤں کا نتیجہ قرار دیتے ہیں انکا کہنا ہے کہ پاکستان لوگ اتنے محنتی ہیں کہ آج بلا شبہ ہم کہہ سکتے ہیں کہ سعودیہ کی ترقی میں ہمارا بہت بڑا ہاتھ ہے اور یہاں کے ہر پلازے، سڑک اور میناروں میں پاکستانیوں کا خون اور پسینہ شامل ہے ہم وہ قوم ہیں جو ملک سے باہر جاکر دوسروں کی ترقی اور خوشحالی کی ضمانت بن جاتے ہیں لیکن پاکستان میں رہتے ہوئے ہم کاہل اور سست تو ہوتے ہی ہیں ساتھ نکمے بھی بن جاتے ہیں شائد اسکی وجہ ہمارا طرز حکمرانی اور نظام زندگی ہے ملک کی ایک نکر سے دوسرے کونے تک ہر طرف لوٹ مار کا بازار گرم ہے پاکستان سے اربوں روپے لوٹ کر بیرون ممالک منتقل کردیے گئے اور اب تو نیب قوانین بھی بدل چکے ہیں خیر سے جتنی مرضی کوئی لوٹ مار کرلے کچھ نہیں ہوگا ہاں چھوٹے چور جیسے جوتی چور، پنکھا چور، نلکا چور، روٹی چور اور سائیکل چور کے لیے بہت سی سزائیں ہیں اگر وہ نامراد موقعہ پر ہی دھر لیا جائے تو اسی وقت عوامی عدالت لگتی ہے ہر معزز اور قابل فخر شہری ڈنڈے، سوٹے، پیٹرول اور گنڈاسوں سے اس چور کو مار مار کر مار دیتے ہیں اور پھر بھی انکی تسلی نہیں ہوتی اسکے بعد پیٹرول چھڑک کر آگ لگا کر اس چور کا صفحہ ہستی سے صفایا کردیا جاتا ہے اسی دوران اگر کوئی اربوں روپے لوٹنے والا سیاسی ٹھگ انکے قریب بڑی سی گاڑی سے اترے تو سبھی سیلفیاں لے لیکر اپ لوڈ کرنا شروع کردینگے جس دن اس قوم کو عقل آگئی تو پھر کیا ذرا اندازہ لگائیں جو قوم ایک چھوٹے چور کا اتنا برا حشر کرتی ہے بڑے چوروں کے ساتھ کیا سلوک کریگی خیر میں بات کررہا تھا ڈیفالٹ کی جسکا آج ہر پاکستانی ثواب سمجھ کر دن میں کئی بار ذکر کرتا ہوا نظر آتا ہے ڈیفالٹ ہے کیا اسکی کتنی قسمیں ہیں اور ہمارا اس لسٹ میں نمبر کونسا ہے جو جاری ہوچکی ہے ڈیفالٹ ایک قرض پر مطلوبہ سود یا اصل ادائیگی کرنے میں ناکامی کا نام ڈیفالٹ ہے چاہے وہ قرض ہو یا سیکیورٹی ہو مختلف افراد، کاروبار اور یہاں تک کہ ممالک بھی اپنے قرض کی ذمہ داریوں میں ڈیفالٹ کرسکتے ہیں جب کوئی ملک قرض نادہندہ ہوتا ہے تو اسے قرض جمع کرنے والی ایجنسی کو بھیجا جاتا ہے جس کا کام آپ سے بلا معاوضہ فنڈز اکٹھا کرنا ہوتا ہے قرض کا ڈیفالٹ ملک کے کریڈٹ سکور کو کافی حد تک کم کرسکتا ہے اور پھر مستقبل کی اہلیت کو متاثر کرسکتا ہے اور یہاں تک کہ قرض دہندہ آپ کی ذاتی جائیداد پر قبضہ کرسکتا ہے ڈیفالٹ کی مختلف قسمیں ہیں ان میں عدم ادائیگی، عدم موجودگی، داغ، غلطی، کمی، عیب، کم لاپرواہی، نظر انداز، ناکمیلیت، ناکافی، خرابی، غفلت، بھول، نظرانداز نگرانی اور پرائیویشن بھی شامل ہیں یہ چھوٹی چھوٹی کامیاں ملک کر ایک بڑے خطرے کو دعوت دیتی ہیں جسے ڈیفالٹ کہا جاتا ہے اس وقت سری لنکا، سورینام اور زیمبیا پہلے ہی ڈیفالٹ میں ہیں بیلاروس خطرے کے دہانے پر ہے اور کم از کم ایک اور درجن خطرے کے زون میں ہیں پاکستان تیسرے نمبر پر کھڑا ہے اور نیو چین کی بانسری بجانے میں مصروف ہے لوٹ مار کا بازار گرم ہے اور خبر ہے کہ روز ویلٹ ہوٹل کو بھی سستے داموں فروخت کیا جارہا ہے اس بارے میں پہلے بھی خبریں گرم تھیں لیکن بک نہ سکا شائد میڈیا میں آنے کے بعد ایسا ہوا اب پھر روز ویلٹ ہوٹل کی فروخت کے حوالہ سے اندر خانے باتیں چل پڑی ہیں میں نے آج صرف ڈیفالٹ پر لکھنا تھا مگر اب بات روز ویلٹ کی چل پڑی ہے تو پاکستانیوں کو علم ہونا چاہیے کہ یہ ہمارا وہ قیمتی اثاثہ ہے جسکا شمار نیویارک کی قدیم ترین بلڈنگوں میں ہوتا ہے جو ان لوگوں کے لیے بھی ایک اثاثے کی حیثیت رکھتی ہے یہ بلڈنگ بھی ڈیفالٹ ہونے پر بکنے کے بعد پاکستان کے پاس آئی تھی اب اگر اس کو اونے پونے داموں کسی اپنے فرد کو نوازنے کے لیے فروخت کردیا گیا تو یہ پاکستان کے ساتھ بہت بڑی زیادتی ہوگی اس ہوٹل کی تفصیل سے

پہلے لکھنے سے پہلے اتنا بتادوں کہ وہاں کا سٹاف اپنے حکمرانوں کے ساتھ ملکر بندر بانٹ میں مصروف ہے سب سے پہلے تو عملے کی چھٹی کرواکر سب کا آڈٹ کروایا جائے اور کون کس کی سفارش پر وہاں رکھا ہوا ہے یہ بھی بتایا جائے رہی بات اس عظیم بلڈنگ کی جسے روز ویلٹ کہا جاتا ہے یہ ہوٹل نیویارک شہر کے مڈٹاؤن مین ہٹن محلے میں 45 ایسٹ 45 ویں اسٹریٹ (میڈیسن ایونیو اور ویندربلٹ ایونیو کے درمیان) موجود ہے امریکی صدر تھیوڈور روز ویلٹ کے اعزاز میں اس ہوٹل کو نیویارک نیوہیون اور ہارٹ فورڈ ریل روڈ نے تیار کیا تھا 19 منزلہ بلڈنگ کا ڈھانچہ جارج بی پوسٹ اینڈ سن نے ڈیزائن کیا جو اطالوی نشاۃ ثانیہ کے طرز پر تاریخی امریکی عمارتوں سے مشابہت رکھتا ہے اس دور میں روز ویلٹ ٹرمینل سٹی کے حصے کے طور پر گرینڈ سینٹرل ٹرمینل کے آس پاس تیار کیے گئے کئی بڑے ہوٹلوں میں سے ایک تھا ہوٹل کی عمارت میں 1916 زونگ ریزولوشن کے ساتھ ساتھ میڈیسن ایونیو پر تیسری منزل کے اوپر لائٹ کورٹس، گراؤنڈ لیول میں زیادہ تر اسٹورز اور تیسری سے 18 ویں منزل تک 1,025 کمرے ہیں جب روز ویلٹ کھلا تو اس میں کئی نئی خصوصیات شامل تھیں روز ویلٹ ہوٹل 23 ستمبر 1924 کو کھولا گیا اور اسے اصل میں نیو یارک یونائیٹڈ ہوٹلز انکارپوریٹڈ چلاتا تھا جو یونائیٹڈ ہوٹلز کمپنی کا ایک ذیلی ادارہ تھا 1934 میں نیویارک یونائیٹڈ ہوٹلز کے دیوالیہ ہونے کے بعد روز ویلٹ ہوٹلز انکارپوریشن نے ہوٹل پر قبضہ کرلیا ہلٹن ہوٹلز نے 1943 میں روز ویلٹ کا انتظام سنبھال کر بالآخر ہوٹل کی مکمل ملکیت حاصل کرلی اور عدم اعتماد کے مقدمے کے بعد اسے 1956 میں ہوٹل کارپوریشن آف امریکہ کو فروخت کردیا نیو یارک سینٹرل کے زیر انتظام چلنے والی ایک ہولڈنگ کمپنی ریلٹی ہوٹلز نے 1964 میں ہوٹل کو سنبھالا اور پھر پال ملسٹین نے 1978 میں ہوٹل حاصل کیا۔

اور اگلے سال پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز (پی آئی اے) کو ہوٹل لیز پر دیا۔

جس کے بعد پی آئی اے اور شہزادہ فیصل بن خالد بن عبدالعزیز السعود نے یہ ہوٹل 2000 میں خرید لیا اور پھر پی آئی اے نے شہزادہ فیصل کی ملکیت کا حصہ بھی حاصل کرلیا اور اب اس تاریخی ہوٹل کو فروخت کرنے کی باتیں ہورہی ہیں ہمیں اپنے اثاثوں کو بھی بچانا ہے اور ڈیفالٹ سے بھی نکلنا ہے ضرورت صرف ایماندار قیادت کی ہے جو پاکستان کو پستیوں سے نکال کر بلندیوں کی طرف لے جائے۔

کراچی ٹیسٹ کیلئے ٹکٹوں کی فروخت (آج) سے شروع

ٹکٹ کی قیمت 150 روپے سے 500 روپے رکھی گئی ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان کراچی میں ہونے والے تیسرے ٹیسٹ میچ کیلئے ٹکٹوں کی فروخت آج (منگل) سے شروع ہوگی۔

کراچی ٹیسٹ کیلئے ٹکٹوں کی فروخت (آج) سے شروع

لاہور (این این آئی) پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان کراچی میں ہونے والے تیسرے ٹیسٹ میچ کیلئے ٹکٹوں کی فروخت آج (منگل) سے شروع ہوگی۔

8 ویں بے نظیر بھٹو شہید نیشنل ٹینس چیمپئن شپ اسلام آباد میں شروع ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹینس کمپلیکس کے زیر اہتمام اور سندھ سپورٹس بورڈ کے تعاون سے بے نظیر بھٹو شہید نیشنل ٹینس چیمپئن شپ اسلام آباد ٹینس کمپلیکس اسلام آباد میں شروع ہوگئی ہے۔ انعامی رقم دس لاکھ روپے رکھی گئی ہے۔ چیف آرگنائزر سابق کوچ ڈیوس کپ فضل سبحان نے بتایا کہ چیمپئن شپ میں ملک بھر تین سو سے زائد مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔

ماشا یونائیٹڈ فٹ ٹیم نیشنل چیلنج کپ فٹ بال ٹورنامنٹ میں شرکت کرے گی

اسلام آباد (این این آئی) ماشا یونائیٹڈ فٹ بال ٹیم کے چیف ایگزیکٹو رائے انتخاب علی نے کہا ہے کہ ماشا یونائیٹڈ فٹ ٹیم نیشنل چیلنج کپ فٹ بال ٹورنامنٹ میں شرکت کرے گی۔ ٹورنامنٹ آئندہ ماہ شروع ہوگا جس میں ملک بھر سے 32 ٹیمیں حصہ لیں گی۔ ماشا یونائیٹڈ فٹ بال ٹیم کے صدر رانا محمد اشرف خان نے بتایا کہ ماشا یونائیٹڈ فٹ بال ٹیم نے نیشنل چیلنج کپ فٹ بال ٹورنامنٹ میں شرکت کی تیاریاں شروع کردی ہیں اور اس سلسلہ میں ٹیم کے کھلاڑیوں کی سلیکشن کے لئے اوپن ٹرائلز بھی شروع کردیئے ہیں۔ انہوں نیکہا کہ چیلنج کپ کے لئے ایک مضبوط اور میرٹ ٹیم تیار کی جائے گی۔ ایک سوال کے جواب رانا اشرف نے کہا کہ ہار جیت کھیل کا حصہ ہے۔

8 ویں بے نظیر بھٹو شہید نیشنل ٹینس چیمپئن شپ کا مین راؤنڈ (آج) شروع ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹینس کمپلیکس کے زیر اہتمام اور سندھ سپورٹس بورڈ کے تعاون سے جاری بے نظیر بھٹو شہید نیشنل ٹینس چیمپئن شپ کا مین راؤنڈ (آج) منگل سے اسلام آباد ٹینس کمپلیکس اسلام آباد میں شروع ہوگا۔ چیمپئن شپ میں ملک بھر تین سو سے زائد مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔ چیمپئن شپ میں تیرہ کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں میز سنگلز اینڈ ڈبلز، لیڈیز سنگلز، بوائز انڈر 18، گرلز انڈر 18، بوائز انڈر 14، گرلز انڈر 14، گرلز بوائز انڈر 12، گرلز بوائز انڈر 10، سپیشل چیلنج، سینئرز ڈبلز 45 پلس، سینئرز ڈبلز 60 پلس اور اوپن میڈیا کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں۔ ٹورنامنٹ کا مین راؤنڈ 13 دسمبر سے شروع ہوگا۔ کوارٹر فائنل 16 دسمبر کو، سیمی فائنل مقابلے 17 دسمبر کو جبکہ فائنل مقابلے 18 دسمبر کو کھیلے جائیں گے۔ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب 18 دسمبر کو شام تین بجے ہوگی۔ جس میں کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں، اسناد، کیش ایوارڈ کے علاوہ دیگر انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔ انعامی رقم دس لاکھ روپے رکھی گئی ہے۔

TENDER NOTICE

Sealed tenders are invited on percentage rates MRS 2nd Bi-Annual 2022, District Rawalpindi and item rate for nonscheduled from the Punjab based approved contractors/ firms registered with Pakistan Engineering Council (PEC) in relevant category.

MINORITY DEVELOPMENT FUNDS(MDF)

Sr. No	Name of Scheme	App: Cost (IN M)	Earnest Money PKR (RS)	Tender Fee PKR (RS)	TS No. & Date	Time limit
1	PPC & Sewerage/ Nallah UC-16, Mohallah Raja Sultan & Rawalpindi	10,000	200,000/-	10,000/-	81/TS/XEN2022-23 Dated: 05.12.2022	As per w/o
2	PPC & Sewerage/ Nallah UC-21, Dhoke Kala Khan, Rawalpindi	5000	100,000/-	10,000/-	82/TS/XEN2022-23 Dated: 05.12.2022	As per w/o
3	Construction of P.C.C Christian colony Ranial, Rawalpindi	7100	142,000/-	10,000/-	83/TS/XEN2022-23 Dated: 05.12.2022	As per w/o

Terms & Conditions

1. 2% earnest money in shape of CDR for the amount mentioned above shall have to be deposited by the intending contractors / firms at the time of issuing of tenders during office hours, otherwise no tender will be issued.
2. The intending contractors may get the tender documents from the office of the **Assistant Engineer, Civil Sub division, Rawalpindi, Deputy Commissioner Office,

بقیہ 1

کی دلدل میں پھنس گیا، پاکستان کو بھی معیشت کو سیاست سے الگ کرنا ہوگا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ کیا بنگلا دیش سمیت دیگر ممالک کرنسی مارکیٹ میں مداخلت نہیں کر رہے، اسمگلرز اور ہنڈی مافیا نے ملکی معیشیت کو یرغمال بنایا ہوا ہے جس کی وجہ سے پاکستان میں بھی حکومت کو مارکیٹ میں مداخلت کرنا پڑتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیب کے ڈر سے کوئی کام نہیں کرنا چاہتا، ہمیں بہت سے سرکاری اداروں کو پرائیویٹائز کرنا چاہیے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ غریب اور نادار لوگوں کو سبسڈی دینا ریاست کی ذمہ داری ہے تاہم ہمارے ملک میں سبسڈی ٹارگیٹڈ ہونی چاہیے، ہم سوشل سکیورٹی کے لیے جتنا خرچ کر سکتے ہیں ہمیں کرنا چاہیے، ہمیں ایکسپورٹس بڑھانا ہوں گی کیونکہ ہم بیرونی قرضوں پر مزید انحصار نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ میں پاکستان کے بارے میں ہمیشہ جذباتی ہو جاتا ہوں، میں نے پاکستان کے لیے جذباتی ہونے کی قیمت ادا کی اور پانچ سال جلاوطنی کاٹی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ آئی ایم ایف کے ساتھ نواں ریویو جاری ہے، پاکستان نے آئی ایم ایف کے ساتھ اعتماد کا فقدان پیدا کیا، قرض دینے والوں کی اپنی شرائط ہوتی ہیں، آئی ایم ایف نے سیلاب بحالی کے اخراجات کی تفصیل مانگی ہے۔

بقیہ 2

کہا ہے کہ بیرون ملک پاکستانی مشنز کو مناسب وسائل کی فراہمی اور ٹرانزیکشنز میں بعض اوقات تاخیر ہو جاتی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ 'بیرون ملک پاکستانی مشنز کو مناسب وسائل فراہم کرنے میں متعدد اقدامات اور ٹرانزیکشنز کا سلسلہ شامل ہوتا ہے جس میں بعض اوقات تاخیر ہو جاتی ہے، وزارت خارجہ اس سلسلے میں وزارت خزانہ اور متعلقہ محکموں کے ساتھ مصروف عمل ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ اس بات کو یقینی بنانا حکومتِ پاکستان کی پالیسی ہے کہ بیرون ملک پاکستانی مشنز کے امور ہموار انداز میں سرانجام دیئے جاسکیں، حکومت کے تمام متعلقہ محکمے اس مقصد کے لیے پُرعزم ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستانی سفارت کار اور مشنز بیرون ملک پاکستان کی نمائندگی کرنے اور اپنے فرائض خوش اسلوبی سے سرانجام دینے کے لیے پُرعزم ہیں۔

بقیہ 3

میں اسلام آباد ہائیکورٹ کے مریم نواز اور کیپٹن ریٹائرڈ صفدر کی بریت کے فیصلے کو چیلنج نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ نیب کے فیصلے سے پراسیکیوشن برانچ کو بھی آگاہ کیا جاچکا ہے اور اس حوالے سے نیب کا پراسیکیوشن برانچ کو بھیجا گیا خط بھی سامنے آگیا ہے۔ نیب راولپنڈی کی جانب سے مریم نواز اور کیپٹن ریٹائرڈ صفدر کی بریت کے خلاف اپیلیں دائر نہ کرنے کا تحریری آرڈر جاری کیا ہے، ڈی جی نیب راولپنڈی نے مریم نواز اور کیپٹن ریٹائرڈ صفدر کی بریت کے خلاف اپیلیں دائر نہ کرنے کی منظوری دی ہے۔ یاد رہے اسلام آباد ہائیکورٹ نے 29 ستمبر 2022 کو ایون فیلڈ ریفرنس میں مسلم لیگ ن کی نائب صدر مریم نواز کی 7 سال کی سزا کو کالعدم قرار دیتے ہوئے انہیں کیس سے بری کرنے کا حکم جاری کیا تھا۔

بقیہ 4

میں عمرہ کر کے آیا ہوں، اللہ کے گھر میں بھی لوگ پاکستان کی فکر میں رو رہے ہیں، نہ ان کو پاکستان میں کوئی پسند کرتا ہے نہ باہر پسند کرتا ہے، ہم ٹیلنٹ کی ڈیفالٹ ہو چکے ہیں، نہ تنخواہ دینے کے پیسے ہیں نہ پینشن دینے کے، پورس پر سامان گل سڑ رہا ہے، ہماری اس 8 ماہ کی حکومت میں پیٹرول تک نہیں ہے۔ شیخ رشید نے کہا کہ چیف جسٹس صاحب سے کہوں گا جتنے لوگوں نے اپنے کیسز ختم کروائے ہیں، جب تک سپریم کورٹ کا فیصلہ نہیں آتا ان کے نام ای سی ایل میں رکھے جائیں، ان کی ساری دولت ملک سے باہر ہے، یہ اپنی دولت ملک میں واپس لائیں، ملک شدید اور سنگین ترین پیچیدہ حالات سے گزر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فوج بھی ہماری ہے اور عدلیہ بھی ہماری ہے، 8 ماہ سے اسٹیبلشمنٹ سے کوئی رابطہ نہیں، اسٹیبلشمنٹ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ سیاست سے دور رہیں گے مگر وہ ملک اور عوام سے دور نہیں رہ سکتے، میں نے اسٹیبلشمنٹ سے کہا ہے ملک بچانا سب کا کام ہے، اس ملک کے حالات بہتر ہوں گے تو سب خوشحال ہوں گے۔ شیخ رشید نے کہا کہ میں 16 دسمبر سے 20 دسمبر تک لاہور ہی ہوں گا، لوگوں کو رائے عامہ کا حق ہونا چاہیے، یہ سارے چوروں نے ڈرائی کلیننگ کروائی ہے، جو ایک چور رہ گیا وہ بھی آجائے گا، ان چوروں اور لٹیروں کی وجہ سے ملک ڈوب رہا ہے، اگر استحکام لانا ہے تو الیکشن کروانے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے سفیروں نے کہا ہم یہاں کام نہیں کر سکتے، پاکستان کو اندر سے خطرہ ہے، معاشی استحکام پاکستان کے اداروں اور فوج کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیب زدہ لوگوں نے ملک سے بھاگنے کے لئے ترائیم کی ہیں، دنیا میں علم سے بڑی کوئی طاقت نہیں، علمی طاقت ہی انسان کو آگے لے کر جاتی ہے، عقل بادام کھانے سے نہیں آتی، علم سے عاری لوگوں کو بے وقوف بنایا جاسکتا ہے، شہر میں یونیورسٹیوں اور کالجز کی تعمیر میں کردار ادا کیا، مجھے خوشی ہوئی جب اخبار میں پڑھا کہ ایک رکشہ ڈرائیور کی بیٹی نے سی ایس ایس میں ٹاپ کیا ہے۔

بقیہ 5

گے۔ وزیراعظم کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس بدھ کو وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد میں منعقد ہوا جس میں وزیراعظم نے کابینہ ارکان کا خیر مقدم کیا۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں ریکوڈک منصوبے کی تنظیم نو پر تفصیلی بحث کی گئی۔ وزیراعظم نے اپنے ابتدائی کلمات میں کہا کہ حکومت پاکستان ریکوڈک منصوبے سمیت سرمایہ کاری کے دیگر تمام منصوبوں میں سرمایہ کاروں کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنائے گی اور ان سے کیے گئے تمام وعدے پورے کیے جائیں گے۔ وفاقی کابینہ نے اقتصادی رابطہ کمیٹی کے 11-12-2022 کے اجلاس میں منظور کئے گئے ریکوڈک پراجیکٹ فنڈنگ پلان کی توثیق کردی۔ وفاقی کابینہ نے ریکوڈک منصوبے کی حتمی ڈیل پر دستخط کرنے کی باضابطہ منظوری دے دی ہے۔ کابینہ نے اس ضمن میں وزارت پٹرولیم اور دیگر وزارتوں کے حکام کو باضابطہ اجازت بھی دے دی ہے جس کے نتیجے میں 15 دسمبر کو ریکوڈک کی اس ڈیل پر حتمی دستخط ہو جائیں گے اور طے شدہ سمجھوتہ تکمیل کو پہنچ جائے گا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ریکوڈک پراجیکٹ کی تنظیم نو کے حتمی معاہدوں پر قانونی رائے کے لیے آئین کے آرٹیکل 186 کے تحت صدارتی ریفرنس دائر کیا گیا۔ سپریم کورٹ نے 9 دسمبر 2022 کو اپنی رائے دی کہ ریکوڈک پراجیکٹ کی تنظیم نو کا عمل شفاف تھا اور اس سلسلے میں جن معاہدوں پر دستخط کیے جا رہے ہیں وہ قانون کے عین مطابق ہیں۔ وفاقی کابینہ کو بتایا گیا کہ پارلیمنٹ میں زیر بحث The Foreign Investment (Promotion and Protection) Bill, 2022 (ترمیمی ایکٹ) کے بارے میں سپریم کورٹ کی پہلے ہی سے رائے لی جاچکی ہے۔ وفاقی کابینہ نے پٹرولیم ڈویژن کی سفارش پر ریکوڈک پراجیکٹ کی تنظیم نو کے لیے حتمی معاہدوں پر دستخط کی منظوری دے دی۔ اس سلسلے میں وفاقی کابینہ نے رولز آف بزنس 1973 کے تحت سیکرٹری/ایڈیشنل سیکرٹری پٹرولیم ڈویژن کو مذکورہ معاہدوں پر حکومت پاکستان کی طرف سے دستخط کرنے کی بھی منظوری دی۔ وفاقی کابینہ نے ریکوڈک کی تنظیم نو کے حوالے سے اسٹیٹ اونڈ انٹرپرائزز (SOEs) اور ان کے اسپیشل پرپز وہیکلز (SPVs)، حکومت بلوچستان کے اسپیشل پرپز وہیکلز (SPVs) اور ریکوڈک پراجیکٹ کمپنی کے لیے ریگولیٹری فریم ورک کی بھی منظوری دے دی۔ کابینہ کو بتایا گیا کہ اتحادی جماعتوں سے طے پایا تھا کہ یہ قانون سازی ریکوڈک منصوبے کی حد تک ہے۔ اس ضمن میں بعض قانونی رکاوٹیں دور کرنے کے لئے 5 رکنی کابینہ کمیٹی تشکیل دی گئی جس میں وزیر قانون کے علاوہ وزیر خزانہ اسحاق ڈار، وزیر کامرس سید نوید قمر، اقتصادی امور ڈویژن کے وزیر سردار ایاز صادق شامل ہیں۔ کابینہ کمیٹی اتحادی جماعتوں کے قائدین سے بات چیت کرے گی اور انہیں اعتماد میں لے کر ان کے تحفظات دور کرے گی۔ طے پایا کہ متعلقہ فریقین کی مشاورت سے ترمیم کی جائیگی۔

بقیہ 6

دیا اس سلسلے میں کون سچا کون جھوٹا بیانیہ کی جنگ تیز کرنے کا فیصلہ کرلیا جبکہ، قائد مسلم لیگ (ن) نواز شریف کی وطن واپسی سے قبل گھر گھر لیگی بیانیہ پہنچانے کی منصوبہ بندی کرلی گئی۔ ذرائع کے مطابق حکمران جماعت پاکستان مسلم لیگ (ن) نے آئندہ عام انتخابات کی تیاریوں کا آغاز کردیا اس ضمن میں نواز شریف کی پاکستان واپسی سے پہلے سچا کون جھوٹا کون بیانیہ کی جنگ تیز کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان مسلم لیگ (ن) نے آئندہ عام انتخابات کیلئے عوامی رابطہ مہم شروع کردی، پہلے مرحلے میں ملک بھر میں ورکرز کنونشن کا انعقاد کا آغاز کردیا گیا، آئندہ عام انتخابات میں پارٹی قائد اور مسلم لیگ (ن) کا بیانیہ عوام تک پہنچانے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق قائد مسلم لیگ نواز شریف کی کی پارٹی رہنماؤں کو ہدایت کی روشنی میں وطن واپسی سے قبل گھر گھر لیگی بیانیہ پہنچانے کی منصوبہ بندی کرلی گئی ہے ذرائع کے مطابق عدالتی فیصلوں اور بین الاقوامی سطح پر لگائے گئے الزامات جھوٹ ثابت ہوئے، بیانیہ کا حصہ بنایا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کی طرف سے وزیراعظم شہباز شریف اور پارٹی قیادت بارے منفی تاثر کا مقابلہ کرنے کی حکمت عملی بھی طے کرلی گئی۔ ذرائع نے بتایا کہ آئندہ عام انتخابات میں پارٹی کے قائد نواز شریف خود عوامی رابطہ مہم چلائیں گے اس سلسلہ میں ان کی جنوری کے دوسرے ہفتے میں آمد بھی متوقع ہے ذرائع کے مطابق عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے نواز شریف نے پارٹی رہنماؤں کو واضح ہدایات دی ہیں، پٹرول اور بجلی میں ریلف دینے کیلئے کہہ دیا گیا ہے نواز شریف عوام کو پٹرول ایک سو نوے روپے لیٹر اور بجلی تین سو یونٹ فری دینے کی خواہش رکھتے ہیں تاکہ وطن واپسی پر ان کو عوام میں بھرپور پزیرائی مل سکے۔

بقیہ 7

ہم ہے، ہمیشہ ہمارا رونا دھونا ہوتا ہے، عوامی مفاد میں سیز فائر کرنے کی ضرورت ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 2023ء مفاہمت کا سال ہوجائے تو سب کچھ ٹھیک ہوجائے گا، اب ایک دوسرے کو دشمن سمجھنے کی سیاست ختم ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اختر مینگل ہمارے بھائی ہیں، ہم مسنگ پرسنز پر ایک کمیشن میں ایک ساتھ ہیں، آرمی چیف کے معاملے پر مل کر فیصلہ کیا گیا، میں پر امید ہوں کے مل کر فیصلے لئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی ایشو ہو وہ ریاست پاکستان کا ہے سب اسٹیک ہولڈر ہیں، ملٹری اسٹیبلشمنٹ ہو یا پولیٹیکل اسٹیبلشمنٹ، سب مانتے ہیں انتخابی اصلاحات ہونی چاہیے، نئے آرمی چیف کا معاملہ بہتر انداز میں حل ہوگیا تو باقی بھی ہوجائیں گے۔

بقیہ 8

غیر مشروط معافی مانگ لی۔ گزشتہ روز عدالت عالیہ میں معزز جسٹس سرفراز ڈوگر نے تین شہریوں کو غیر قانونی حراست میں رکھنے کے خلاف درخواست پر سماعت کی۔ عدالتی حکم پر ڈی آئی جی آپریشنز، ایس پی سی آئی اے، ایس پی انویسٹی گیشن کینٹ، اس اچ او مناواں سہیل اور ایس ایچ او باٹا پور دانیال عدالت میں پیش ہوئے۔ درخواست گزار کی طرف سے فیصل باجوہ ایڈووکیٹ اور شہزاد سلیم وڑائچ پیش ہوئے۔ وکیل درخواست گزار کے مطابق میرے دو بیٹوں اسد اور علی رضا اور بھائی سلیم کو پولیس نے اٹھایا، مغوی تینوں افراد کے خلاف کوئی مقدمہ درج نہیں تھا، پولیس نے مغویوں کو حراست میں لیتے وقت فیملی کے سامنے ننگا کر کے تشدد کیا۔ جسٹس سرفراز ڈوگر نے پولیس پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ ایس ایچ او مناواں اور باٹا پور اتنے طاقتور ہوگئے ہیں کہ کوئی جج آپکے خلاف کیس نہیں سنتا، لاہور پولیس بدمعاش بن چکی ہے، ایک اشتہاری کو پکڑنے کے لیے پولیس نے پورے خاندان کا جینا حرام کر رکھا ہے۔ عدالت نے ایس پی سی آئی اے پر سخت اظہار برہمی کیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز لاہور افضال کوثر نے کہا کہ میں پولیس افسران کی غلطی کا اعتراف کرتا ہوں۔ جس پر جسٹس سرفراز ڈوگر نے ریمارکس دیئے کہ ڈی آئی جی صاحب اپنے افسروں کو عدالتوں میں پیش ہونا سکھائیں، ایک بات یاد رکھیں سی آئی اے ریگولر پولیس نہیں ہے۔ دوران سماعت ایس پی سی آئی اے عدالت سے اپنی غلطی کی بار بار معافی مانگتے رہے۔ جسٹس سرفراز ڈوگر نے ریمارکس دیئے کہ اتنے بڑے بدمعاش پولیس افسر ہیں جس کا دل کرتا ہے شہریوں کو اٹھالیتا ہے، ایس پی سی آئی اے کا بیان احمکانہ ہے سارے ڈوگر ایک جیسے نہیں ہیں، بدمعاشی کرنی ہے تو پھر ایسے پولیس افسر اس محکمے میں نہیں رہیں گے۔ جسٹس سرفراز ڈوگر نے ریمارکس دیئے کہ لاہور پولیس بدمعاش کے ہاتھوں میں ہے، خوف کی علامت بننے والے بدمعاش پولیس افسروں کو دیوار سے لگادیں گے، کرپٹ پولیس افسروں کی نوکریاں کھا جاؤں گا۔ بعدازاں معزز عدالت نے غیر قانونی حراست میں رکھے گئے تین افراد کو فوری رہا کرنے کا حکم دیدیا۔

بقیہ 9

تال کے باعث ماتحت عدالتوں میں وکلاء نے عدالتی بائیکاٹ کیا جس کے باعث ہزاروں کیسز کی سماعت متاثر ہوئی۔

بقیہ 10

کی تمام اپروولز ہوگئی ہیں، 5 لاکھ سے اوپر کا قرضہ آسان شرائط پر فراہم کیا جائیگا اور قرضے کا مقصد کاروبار کو فروغ دینا ہے، بچے اس طرح کے کاروبار شروع کریں کہ دوسروں کو روزگار کے مواقع ملیں جبکہ خواتین کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ شیزا فاطمہ نے کہا کہ عمران خان نے ڈپارٹمنٹ اسپورٹس بند کردی تھیں، اسے بحال کیا گیا ہے۔

بقیہ 11

لیسرکی شرح 0.25 فیصد رہی ہے جبکہ ملک بھر میں کوئی ہلاکت رپورٹ نہیں ہوئی۔ این آئی ایچ کی رپورٹ کے مطابق ملک بھر میں اب بھی عالمی وباء کورونا وائرس کا شکار 33 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔

بقیہ 12

ی ٹائم سکیورٹی اور دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ معززین نے برادر ممالک کے درمیان بحری تعاون اور تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 13

میں عبرتناک شکست کیلئے تیار رہے۔

بقیہ 14

گردی کا مقدمہ درج کرنے، سیکرٹری اطلاعات، ایم ڈی پی ٹی وی اور دیگر کو ہراساں کرنے کیخلاف درخواست پر سماعت کی جبکہ ایڈیشنل اٹارنی جنرل بیرسٹر منور اقبال دوگل عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت کی ہدایت پر پٹیشنرز کے وکیل نے ایف آئی آر کا متن پڑھا جس پر عدالت نے ریمارکس دیئے کہ وفاقی وزیر پی ٹی وی پر آ کر بات کرتا ہے تو اس میں ایم ڈی پی ٹی وی کا کیا قصور ہے؟ کوئی بار میں آ کر بات کرتا ہے تو کیا بار کے صدر پر مقدمہ درج ہوگا؟ اعظم سواتی پر مقدمے ہوتے ہیں تو یہ شور مچاتے ہیں، خود کیا کر رہے ہیں؟ عدالت نے استفسار کیا کہ دہشت گردی کا مقدمہ بنایا گیا، کیا یہ دنیا کے ٹاپ کے دہشت گرد ہیں؟ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالت کے پوچھنے پر بتایا کہ اٹھارہویں ترمیم کے بعد صوبائی پولیس پر ہمارا کوئی کنٹرول نہیں، جس پر عدالت نے اظہار برہمی کرتے ہوئے کہا کہ کیسے کنٹرول نہیں؟ اسلام آباد کے شہریوں کے بھی کچھ حقوق ہیں۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ یہ نیا ٹریند شروع ہوگیا ہے کہ پورے پاکستان میں پرچے درج ہو رہے ہیں، اعظم سواتی پر مقدمے بننے پر جو شور مچاتے ہیں وہ خود بھی وہی کر رہے ہیں، یہاں کوئی قانون کوئی ضابطہ ہے؟ کل اگر کوئی مطیع اللہ جان کے پروگرام سے خوش نہیں تو ڈھائی ہزار پرچے ہوں گے؟۔ عدالت نے سیکرٹری اطلاعات اور ایم ڈی پی ٹی وی و دیگر کے مقدمات پر عمل درآمد روکنے کا حکم دیتے ہوئے پٹیشنرز کے خلاف آئندہ کسی بھی مقدمے کا اندراج عدالتی اجازت سے مشروط کردیا۔ عدالت نے دہشت گردی کے دونوں مقدمات کے مدعی بھی درخواست میں فریق بنانے کا حکم دیتے ہوئے پاکستان بار کونسل، اسلام آباد بار کونسل، ایڈووکیٹ جنرل اسلام آباد کو نوٹس جاری کردیئے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن اور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدور کو بھی معاونت کے لیے نوٹس جاری کردیئے۔ جسٹس طارق محمود جہانگیری نے سماعت کے دوران ریمارکس دیئے کہ ملک بھر درج مقدمے کے معاملے کو عدالت ہمیشہ کے لیے طے کرے گی، اس طرح تو پنجاب والے سیکرٹری داخلہ اور ادھر والوں پر مقدمے بناتے رہیں اور یہاں والے پنجاب والوں پر۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ پنجاب کے سوا باقی صوبوں سے رپورٹس موصول ہوگئیں، پنجاب کی جانب سے مقدمات کی تفصیلات فراہم نہیں کی گئیں، جس پر عدالت نے ریمارکس دیئے کہ رپورٹ کیسے نہیں دیں گے؟ عدالت حکم دے گی نہیں مانیں گے تو تین عدالت کا ٹولہ جاری کریں گے۔ عدالت نے مقدمے میں درخواست گزاروں کو اس درخواست میں فریق بنانے کا حکم دیتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ یہ طے ہونا چاہیے کہ کیا ایک ٹی وی پروگرام یا وی لاگ پورے ملک میں پرچے درج ہوں گے؟۔

بقیہ 15

افسران، سماجی کارکنان، این جی اوز اور سول سوسائٹی سے تعلق رکھنے والے ارکان نے شرکت کی۔ سامعین سے خطاب کرتے ہوئے مہمانِ خصوصی میاں ریاض حسین پیرزادہ نے کہا کہ معذور افراد کو رسائی، بااختیار بنانے، بحالی اور شمولیت کے چیلنجز درپیش ہیں۔ یہ بے شک ریاست کا فرض ہے کہ انہیں معاشرے کے مرکزی دھارے میں لانے کے لئے ان کو قابل بنائے۔ انہوں نے ایسے اقدامات پر ڈائریکٹوریٹ جنرل آف اسپیشل ایجوکیشن کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ جسمانی معذوری کے شکار بچوں اور بڑوں کو مصنوعی اعضاء، پروسیتھیٹکس، اور آرتھوٹک آلات کی فراہمی ان کی زندگی کو بدل دے گی۔ وزیر نے معذور افراد کو ایسی خدمات اور اسٹیٹ آف دی آرٹ سہولیات کی فراہمی کی ضرورت پر زور دیا۔ علاوہ ازیں انہوں نے معذور افراد کی سہولت کے لئے نئے راستے اور منصوبوں کی ضرورت کے بارے میں بات کی۔ شیخ اظہر سجاد ڈائریکٹر جنرل اسپیشل ایجوکیشن نے اپنے خطاب میں کہا کہ ڈی جی ایس ای اور اس کے اتحادی ادارے معزور افراد اور بچوں کی بحالی میں مصروف ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ڈائریکٹوریٹ جنرل آف سپیشل ایجوکیشن سپیشل ایجوکیشن کے شعبے میں پیشہ ور افراد، اساتذہ اور سپورٹنگ اسٹاف کی تربیت اور صلاحیت کی تعمیر میں اپنا حصہ ڈال رہا ہے اور مصنوعی اعضا کی فراہمی جسمانی معذوری میں مبتلا افراد کی زندگیوں کو بدل دے گی۔

بقیہ 16

نیٹ کے مطابق پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل (PARC) نے رواں ماہ وہان چنگلا ہیشینگ سیڈ کمپنی لمیٹڈ کے ساتھ پاکستان میں ایم این پی مارکر ٹیکنالوجی کو فروغ دینے کے لیے ایک یادداشت پر دستخط کیے جو پودوں کی اقسام کی شناخت کا طریقہ ہے۔ چائنا اکنامک نیٹ کے مطابق جیانگان یونیورسٹی، چین کی طرف سے تیار کردہ طریقہ، سالماتی سطح پر بیجوں کی اقسام کی شناخت کرسکتا ہے اور بیجوں کا ڈی این اے ڈیٹا بیس بنا سکتا ہے، اس طرح مالکان کے دانشورانہ املاک کے حق کو بہتر طریقے سے تحفظ فراہم کرنے اور بیجوں کی جعلی اور ملاوٹ کو کم کرنے میں مدد کرتا ہے۔ کمپنی کے پاکستان بزنس کے ڈائریکٹر زوشوشینگ کے مطابق جعلی، کم معیار کے بیج پاکستان میں فصلوں کی پیداوار کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ ایم این پی مارکر کے طریقہ کار کے ساتھ، بیجوں کی صداقت کا زیادہ آسانی اور موثر طریقے سے پتہ لگایا جائے گا۔ چائنا اکنامک نیٹ کے مطابق اہم جرم پلازم وسائل کے لیے ٹیکنالوجی فوری طور پر دانشورانہ املاک کے مالکان کو واضح کرسکتی ہے، بنیادی طور پر اخذ کردہ اقسام کو جعلی سے الگ کرسکتی ہے، اور سیڈ انڈسٹری میں اختراع کی حوصلہ افزائی کرسکتی ہے۔ چائنا اکنامک نیٹ کے مطابق اس ایم این پی ٹیکنالوجی کو متعدد فصلوں پر لاگو کیا جاسکتا ہے، چاہے وہ نباتاتی ہو یا پیداواری پھیلاؤ، جیسے کہ آلو، گنے، چاول، مکئی، سویابین، کپاس، مونگ پھلی، باجرا، اور سبزیاں وغیرہ۔ مزید برآں زو کے مطابق یہ نئی اقسام کی منظوری، بیج کی افزائش کی رہنمائی، اور بیج کے معیار اور تحفظ کو فروغ دے گا۔

بقیہ 17

ریمارکس میں کہا ہے کہ پولیس میں ڈاکو بھرتی ہوجائیں گے تو ادارہ کیسے چلے گا۔ بدھ کو سپریم کورٹ نے ڈکیتی کے ملزم (سابق کانسٹیبل) شاہد کی نوکری برخاستگی کے خلاف درخواست مسترد کردی۔ دوران سماعت چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ پولیس میں ڈاکو بھرتی ہوجائیں گے تو ادارہ کیسے چلے گا۔ ملزم کے وکیل شعیب شاہین نے عدالت میں دلائل دیتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ سیاسی بنیاد پر مخالفین نے مقدمے کا اندراج کروایا، جس پر چیف جسٹس نے کہا کہ درخواست گزار 22 ماہ مفرور بھی رہا ہے، بھرتی سے قبل ادارے کو سچ بتانا چاہیے تھا۔ درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ راضی نامے کی بنا پر مقدمہ ختم ہوگیا، راضی نامے کے بعد بری ہونے والا بھی معصوم تصور ہوتا ہے۔ جسٹس عائشہ ملک نے ریمارکس دیئے کہ ادارے نے صرف اپنی پالیسی پر عمل کیا، اب ہم مداخلت کیسے کریں۔ واضح رہے کہ پولیس کی ملازمت سے برخاستگی کے خلاف درخواست دینے والے (سابق کانسٹیبل) محمد شاہد کے خلاف بھرتی سے قبل ہی مظفر گڑھ میں 2 مقدمات درج تھے، درخواست گزار نے 2011 میں بھرتی کے وقت درج مقدمات کو چھپایا تھا بعد ازاں 2017 میں معلومات سامنے آنے پر درخواست گزار کو پولیس سے نکال دیا گیا تھا۔

بقیہ 18

لبرٹی چوک پر بھرپور احتجاجی مظاہرہ کرے گی۔ عمران خان بذریعہ ویڈیو لنک کارکنان کو اہم سیاسی لائحہ عمل سے آگاہ کریں گے۔

بقیہ 19

کرنے کا حکم دیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس میں کڑے احتساب کا عمل جاری ہے، شہری کی جانب سے پولیس اہلکاروں کے خلاف اختیارات سے تجاوز، بدعنوانی اور ناروا سلوک کی شکایت پر سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری نے نوٹس لیتے ہوئے الزام علیہ اہلکار عاصم نیازی اور مقصود کو معطل کر کے مقدمہ درج کرنے کا حکم دیا، شہری کی درخواست پر پولیس اہلکاروں کے خلاف تھانہ نصیر آباد میں اغواء اور دیگر دفعات کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا، پولیس اہلکار عاصم پولیس لائنز جبکہ مقصود بے نظیر ہسپتال میں تعینات تھا۔ شہری نے کہا کہ پولیس اہلکاروں نے میرے بھائی کو اغواء کیا، رقم 30 ہزار زبردستی چھینے اور مقدمہ درج کرنے کی دھمکی دے کر مزید رقم کا مطالبہ کیا، میرے بھائی کو ہارٹ اٹیک ہوا جسکی ہسپتال میں وفات ہوگئی۔ سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ اختیارات سے تجاوز، ناروا سلوک یا بدعنوانی کسی صورت قابل برداشت نہیں، سینئر افسران کی نگرانی میں مقدمہ کی میرٹ پر تفتیش کرتے ہوئے ملزمان کو قانون کے مطابق سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 20

کہ لیہ کے عوام سے کئے تمام وعدے مرحلہ وار پورے ہو رہے ہیں۔ اس سلسلہ میں سب سے بڑا مشن لیہ کو اعلیٰ تعلیم کا گڑھ بنانا ہے۔ آج میں نے اپنے ضلع کے عوام سے کئے وعدے کو جھاڑ کر دیا ہے۔ اب ضلع کے عوام اعلیٰ تعلیم مقامی سطح پر حاصل کرسکیں گے۔ لیہ کے کالجز میں بی ایس کلاسز کا اجراء، نئے بی ایس بلاکس کی تعمیر خواتین کے ایک نئے کالج کی تعمیر وغیرہ حکومت کی علم دوستی کا ثبوت ہے۔ ضلع لیہ کی عوام وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی اور چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان صاحبکی بے حد مشکور ہے۔

بقیہ 21

ہائیکورٹ نے 20 دسمبر کو درخواست سماعت کیلئے مقرر کرلی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق، شہری محمد ساجد کی درخواست پر سماعت کریں گے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے 20 دسمبر کی کازلسٹ میں کیس شامل کرلیا، عدالت نے عمران خان، الیکشن کمیشن، وفاق کو پری ایڈمشن نوٹس جاری کر رکھا ہے۔ درخواست میں کہا گیا کہ عمران خان نے کاغذات نامزدگی جمع کراتے وقت غلط معلومات فراہم کیں، عمران خان نے اپنے بچوں کی تفصیل میں دو کا ذکر کیا ایک کی معلومات چھپائیں۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے شہری کی درخواست پر سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کیا تھا۔

بقیہ 22

کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس کے صدر اور چین کے ماحولیات کے وزیر ہوانگ رون چیو نے پریس کانفرنس میں کہا کہ کانفرنس نے مثبت پیش رفت دکھائی ہے، اگرچہ اب بھی مشکلات اور چیلنجز موجود ہیں، لیکن وہ پراعتماد ہیں کہ یہ اجلاس ''پوسٹ 2020 عالمی حیاتیاتی تنوع فریم ورک'' تک پہنچ جائے گا اور کامیابی حاصل کرے گا۔ ہوانگ رون چیو نے کہا کہ گزشتہ ہفتے کانفرنس کے تمام ایجنڈے جاری رہے، تمام جماعتوں نے بھرپور مشاورت کی، اور تمام متعلقہ فریقوں نے مکمل طور پر شرکت کی، اور اجلاس میں مثبت پیش رفت ہوئی۔ اس دوران اجلاس میں کانفرنس کے 23 فیصلوں پر غور کیا گیا اور انہیں منظور کیا گیا ہے جو کانفرنس کے تمام فیصلوں میں سے ایک تہائی سے زیادہ ہیں۔ شرکاء نے کچھ اہم بنیادی امور پر اپنے اپنے موقف اور خیالات کا مزید گہرائی سے تبادلہ کیا۔ بائیو ڈائیورسٹی کانفرنس، جو 7 دسمبر کو شروع ہوئی تھی اور 19 دسمبر تک جاری رہے گی، پوسٹ 2020 عالمی حیاتیاتی تنوع فریم ورک کا طے پانا اجلاس کا سب سے اہم متوقع نتیجہ ہے۔ چین، صدر کی حیثیت سے موجودہ اجلاس کے بنیادی اور سیاسی معاملات کی قیادت کر رہا ہے۔

بقیہ 23

سے 01 پسٹول 30 بور معہ ایمونیشن، ایئر پورٹ پولیس نے ملزم شاہد سے 01 پسٹول 30 بور معہ ایمونیشن، صدر بیرونی پولیس نے ملزم شکیل سے 01 پسٹول 30 بور بکلرسیداں پولیس نے ملزم نبیل سے خنجر برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض خان کا کہنا تھا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 24

، 14 دسمبر کو وہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں 'عالمی امن اور سلامتی کا قیام: اصلاح شدہ کثیر الجہت نظام کے لیے نئی سمت' کے عنوان سے ہونے والے مباحثے میں حصہ لیں گے۔ وزیر خارجہ 19 دسمبر کو واشنگٹن جائیں گے جہاں وہ اعلیٰ سطح کے سرکاری حکام، کانگریس سے تعلق رکھنے والے رہنماؤں، پاکستانی نژاد امریکی تاجروں اور کمیونٹی کے ارکان سے ملاقاتیں کریں گے، اس دوران وہ تھنک ٹینکس اور میڈیا کے نمائندوں سے بھی بات کریں گے۔ دفتر خارجہ کے مطابق اپنے دورے میں بلاول بھٹو موسمیاتی تبدیلیوں اور پاکستان میں موسمیاتی تبدیلیوں کے منفی اثرات کے تحت آنے والے تباہ کن سیلاب سے ہونے والے بڑے نقصان کے حوالے سے پاکستان کے نقطہ نظر سے آگاہ کریں گے۔ بیان میں بتایا گیا کہ اپنے دورے کے دوران وزیر خارجہ اقوام متحدہ میں ترقی س

سرگودھا پولیس کی اشتہاریوں کیخلاف مہم 195 ملزم پکڑ لئے

ملزمان کو گرفتار کر کے قمار بازی ایکٹ کے تحت 7 مقدمات درج کر لئے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں

مقدمات میں ملوث ملزمان سے 13 کلاشنکوف، 20 رائفل، 39 بندوق، 126 پسٹل، 1331 گولیاں اور کارتوس برآمد کر لئے

سرگودھا (ظہور حسین سے) سرگودھا پولیس نے عدالتی مفروروں اور اشتہاریوں کے خلاف جاری مہم میں 107 اشتہاری اور 88 عدالتی مفرور پکڑ لئے جبکہ اسلحہ کی نمائش اور ہوائی فائرنگ پر درج 196 مقدمات میں ملوث ملزمان سے 13 کلاشنکوف، 20 رائفل، 39 بندوق، 126 پسٹل، 1331 گولیاں اور کارتوس برآمد کر لئے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا پولیس نے ایک ماہ کی اپنی کارکردگی میں بتایا کہ 196 اشتہاری و عدالتی مفرور گرفتار کر کے اسلحہ کی نمائش و ہوائی فائرنگ اور اسلحہ کی نمائش کے 196 مقدمات درج کر لئے اسی طرح منشیات فروشوں کیخلاف 113 مقدمات درج کر کے ملزمان سے 27.9 کلو چرس، 3733 لٹر شراب، 1200 گرام (بقیہ نمبر 30)

محمود میانی سونمیانی اور گردونواح میں اتائیت کا دھندہ عروج پر

شہریوں کا ڈی سی راجن پور، ڈرگ انسپکٹر روجھان سے مطالبہ ہے کہ اتائیت کا خاتمہ کیا جائے

بھونگ شریف (محمد مراد دشتی) محمود میانی سونمیانی اور گردونواح میں اتائیت کا دھندہ عروج پر ہے۔ اس علاقے میں اتائی ڈاکٹروں نے موت گھر کھول رکھے ہیں نیلی پیلی گولیاں دے کر موت بانٹنے لگے ہیں۔ اتائیت ڈاکٹروں کی اکثریت ہونے کی وجہ سے نام نہاد ڈاکٹر ممتاز نامی شخص نے بھی بہتی گنگا میں ہاتھ دھو لیے۔ انکی ناتجربہ کاری کی وجہ سے مریض تو شفایاب نہیں ہو پا رہے ہیں البتہ انکی دکانداری خوب چل رہی ہے۔ سونمیانی اور محمود میانی ضلع راجن پور کا آخری یونین کونسل ہونے کی وجہ سے افسران بالا کی گرفت سے دور ہے اس لیے اتائی ڈاکٹروں کی من مانیاں عروج پر ہیں شہریوں کا ڈی سی راجن پور، ڈرگ انسپکٹر روجھان سے مطالبہ ہے کہ اتائیت کا خاتمہ کیا جائے۔

☆☆☆

علاقے میں اتائی ڈاکٹروں نے موت گھر کھول رکھے ہیں نیلی پیلی گولیاں دے کر موت بانٹنے لگے ہیں

لاہور ہائیکورٹ کا مارکیٹس اور ریسٹورنٹس رات 10 بجے بند کرنے کا حکم

اتوار کو کاروبار کھلا رکھنے کی اجازت، ریسٹورنٹس ہفتے میں 4 دن رات 10 بجے، 3 دن 11 بجے بند ہوں گے

اسموگ میں کمی آ رہی ہے، جو اسکول جمعہ کے روز بند نہیں کیے جاتے انہیں سیل کر دیں، جسٹس شاہد کریم کی محکمہ ایجوکیشن کو ہدایت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سموگ میں کمی کے لئے شہر کی تمام مارکیٹس اور ریسٹورنٹس کو رات 10 بجے بند کرنے کا حکم دیتے ہوئے اتوار کو کھولنے کی اجازت بھی دے دی، ریسٹورنٹس ہفتے میں 4 دن رات 10 بجے جبکہ 3 دن 11 بجے بند ہوں گے۔ گزشتہ روز عدالت عالیہ میں معزز جسٹس شاہد کریم نے اسموگ کے تدارک کے حوالے سے دائر ہارون فاروق سمیت دیگر کی (بقیہ نمبر 61)

سی ٹی ڈی نے ساہیوال میں دہشت گردی کا منصوبہ ناکام بنا دیا

بی ایل اے کے مبینہ دہشت گرد کو گرفتار کر کے بارودی مواد برآمد کر لیا گیا، مزید تفتیش جاری

لاہور (غلام عباس سے) کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ نے ساہیوال میں دہشت گردی کا منصوبہ ناکام بنا دیا، مبینہ دہشت گرد کو گرفتار کر کے بارودی مواد برآمد کر لیا گیا۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران بی ایل اے کے مبینہ دہشت گرد کو گرفتار کیا گیا جس کی شناخت خرم علی کے نام سے ہوئی ہے۔ دہشت گرد سے (بقیہ نمبر 31)

لاہور' کینال روڈ پر بدترین ٹریفک جام کا منظر

ایل ڈی اے سٹی اور اس میں واقع انڈسٹریل ایریا کا ''ٹوپوگرافک'' سروے کروایا جائے، عمران علی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل عامر احمد خان کی ہدایت پر ایل ڈی اے سٹی سپروائزری کمیٹی کا اجلاس ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل (اربن پلاننگ) عمران علی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایل ڈی اے سٹی میں جاری ترقیاتی کاموں اور دیگر معاملات کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ا (بقیہ نمبر 32)

پیرودھائی پولیس کی کاروائی، تاش پر جواء کھیلنے والے 08 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) پیرودھائی پولیس کی کاروائی، تاش پر جواء کھیلنے والے 08 ملزمان گرفتار، داؤ پر لگی رقم 07 ہزار 300 روپے، 07 موبائل فونز اور تاش کے پتے برآمد، مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے تاش پر جواء کھیلنے والے 08 ملزمان (بقیہ نمبر 34)

فیصل آباد، الائیڈ ہسپتال فیصل آباد کی ایم آر آئی مشین عرصہ دراز سے خراب

مریض بھی متعلقہ انتظامیہ کی نااہلی کی وجہ سے بار بار چکر لگا کر خوار ہونے لگے

مکوآنہ (این این آئی) الائیڈ ہسپتال فیصل آباد کی ایم آر آئی مشین عرصہ دراز سے خراب، انتظامیہ نے چپ سادھ رکھی ہے، مریض خوار ہونے لگے۔ تفصیلات کے مطابق الائیڈ ہسپتال فیصل آباد کے ایم آر آئی مشین عرصہ دراز سے خراب پڑی ہے جبکہ ہسپتال انتظامیہ اور متعلقہ حکام نے ابھی تک ایم آئی آر مشین کی بحالی کیلئے موثر اقدامات نہیں اٹھائے، دور دراز سے ہسپتال آنے والے مریض بھی متعلقہ انتظامیہ کی نااہلی کی وجہ سے بار بار چکر لگا (بقیہ نمبر 35)

نیوٹاؤن پولیس کی کاروائی، انعام کا لالچ دے کر شہریوں کو لوٹنے والا نوسر باز گرفتار

راولپنڈی (نامہ نگار) نیوٹاؤن پولیس کی کاروائی، انعام کا لالچ دے کر شہریوں کو لوٹنے والا نوسر باز گرفتار، 840 روپے اور مختلف نمبروں کی پرچیاں برآمد، مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق نیوٹاؤن پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے انعام کا لالچ دے کر شہریوں کو لوٹنے والے ملزم کرامت کو گرفتار کر لیا، ملزم سے 840 روپے اور دیگر متعلقہ آلات برآمد کر کے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا، ایس پی راول بابر جاوید جوئیہ کا کہنا تھا کہا کہ نوسر بازوں (بقیہ نمبر 36)

روات پولیس کی کاروائی، قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

سنگین مقدمات میں ملوث اشتہاری مجرمان کی گرفتاری کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

راولپنڈی (نامہ نگار) روات پولیس کی کاروائی، قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار، اشتہاری مجرم فیاض الحق نے لین دین کے تنازعہ پر زہر دے کر محمد نعیم کو قتل کر دیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق روات پولیس نے جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے اشتہاری مجرم فیاض الحق کو ٹریس کر کے گرفتار کیا، اشتہاری مجرم فیاض الحق نے لین دین کے تنازعہ پر زہر دے کر محمد نعیم کو قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ رواں سال جنوری میں تھانہ روات میں درج کیا گیا تھا، واقعہ کے بعد اشتہاری مجرم گرفتاری سے بچنے کے لیے روپوش ہو گیا تھا، ایس پی صدر کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرم کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانون تقاضے پورے کیے جائیں گے، سنگین مقدمات میں ملوث اشتہاری مجرمان کی گرفتاری کے لیے تما (بقیہ نمبر 37)

مختلف سیکٹرز کی 4 ترقیاتی سکیموں کیلئے مجموعی طور پر 2 ارب 45 کروڑ 92 لاکھ 5 ہزار روپے کی منظوری

لاہور (این این آئی) پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نے مالی سال 23-2022 کے صوبائی ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے 34 ویں اجلاس میں مختلف سیکٹرز کی 4 ترقیاتی سکیموں کے لیے مجموعی طور پر 2 ارب 45 کروڑ 92 لاکھ 5 ہزار روپے کی منظوری دیدی۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین پلاننگ ا (بقیہ نمبر 59)

راولپنڈی کا ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف موثر کریک ڈاؤن، 07 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (نامہ نگار) راولپنڈی کا ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف موثر کریک ڈاؤن، 07 ملزمان گرفتار، اسلحہ و ایمونیشن اور خنجر برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے ملزم شان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، نیوٹاؤن پولیس نے ملزم شکیل سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم فیضان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم عاصم (بقیہ نمبر 57)

راولپنڈی پولیس کا چونترہ کے علاقہ میں سرچ آپریشن، 20 ملزمان گرفتار

20 ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولیاں برآم

راولپنڈی (نامہ نگار) سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا چونترہ کے علاقہ میں سرچ آپریشن، 20 ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولیاں برآمد، قبضہ مافیا اور انسانی جانوں سے کھیلنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، قبضہ مافیا کے لئے کلیئر میسج ہے قانون کی بالادستی کو یقینی بنایا جائے گا، سی پی او۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 33)

راولپنڈی: سرچ آپریشن کے دوران ناجائز اسلحہ رکھنے والے ملزمان پولیس کی حراست میں

لاہور، نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

شوہر نے بیوی کو گولی مار کر زخمی کر دیا، پولیس نے شواہد اکٹھے کر کے تفتیش شروع کر دی

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق اور دو زخمی ہو گئے جبکہ شوہر نے گھریلو لڑائی جھگڑے پر فائرنگ کر کے بیوی کو زخمی کر دیا جسے طبی امداد کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ (بقیہ نمبر 60)

پاکستان کی سیاسی لیڈرشپ اور قوم میں بڑی جان ہے' مشاہد حسین

2023ء مفاہمت کا سال ہو جائے تو سب کچھ ٹھیک ہو جائیگا

لاہور (این این آئی) سینئر سیاستدان سینیٹر مشاہد حسین سید نے کہا ہے کہ پاکستان کی سیاسی لیڈرشپ اور قوم میں بڑی جان ہے، سیاسی لیڈر کے لئے 2023 بہت اہم ہے، ہمیشہ ہمارا رونا دھونا ہوتا ہے، عوامی مفاد میں سینز فائز کرنے کی ضرورت ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 2023ء مفاہمت کا سال ہو جائے تو سب کچھ (بقیہ نمبر 58)

لاہور ن لیگ کے ورکرز کنونشن میں شریک ایک کارکن شیر کا ماڈل اٹھائے پرجوش انداز میں نعرے لگا رہا ہے

لاہور فیصل آباد روڈ سیفٹی ٹریفک رولز بارے آگاہی سیمینار کا انعقاد

دھند کے موسم میں غیر ضروری سفر سے گریز کریں، گاڑی میں فوگ لائٹس کا استعمال کریں

منشیات فروش پولیس کی حراست میں

مکوآنہ (این این آئی) ایس ایس پی پٹرولنگ پولیس فیصل آباد رجین مرزا انجم کمال کی ہدایت پر لائکپور انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسس فیصل آباد میں دھند میں حادثات سے بچاؤ اور روڈ سیفٹی ٹریفک رولز بارے آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں طلباء اور اساتذہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس دوران انچارج موبائل ایجوکیشن آفیسر سب انسپکٹر رضوان بھٹی نے طلباء کو روڈ سیفٹی و ٹریفک رولز کے متعلق آگاہی لیکچرز دیتے (بقیہ نمبر 56)

راولپنڈی پولیس میں کڑے احتساب کا عمل جاری

راولپنڈی (نامہ نگار) راولپنڈی پولیس میں کڑے احتساب کا عمل جاری، شہری کی جانب سے پولیس اہلکاروں کے خلاف اختیارات سے تجاوز، بدعنوانی اور ناروا سلوک کی شکایت پر سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کا نوٹس، الزام علیہ اہلکار عاصم نیازی اور مقصود معطل، مقدمہ درج کرنے کا حکم، اختیارات سے تجاوز (بقیہ نمبر 55)

سیکرٹری محکمہ اوقاف و مذہبی امور کی زیر صدارت ایمرجنسی ریسپانس کمیٹی کا اجلاس

لاہور (این این آئی) محکمہ اوقاف و مذہبی امور کے سیکرٹری و چیف ایڈمنسٹریٹر میاں ابرار احمد کی زیر صدارت ایمرجنسی ریسپانس کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقع پر ڈاکٹر احمد افنان ایڈیشنل سیکرٹری اوقاف، کاشف جلیل ڈپٹی سیکرٹری اوقاف، ڈاکٹر (بقیہ نمبر 52)

راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف موثر کریک ڈاؤن، 11 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (نامہ نگار) راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف موثر کریک ڈاؤن، 11 ملزمان گرفتار، 08 کلو سے زائد چرس اور 21 لیٹر شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے ملزم وصال سے 01 کلو 350 گرام چرس، ملزم بلال سے 01 کلو 380 گرام چرس، ملزم صفدر سے 01 کلو 410 گر (بقیہ نمبر 38)

سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز

راولپنڈی (نامہ نگار) سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز، سرچ آپریشنز میں گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف، دکانوں، ہوٹلز اور افراد کی چیکنگ کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر (بقیہ نمبر 39)

راولپنڈی: پولیس کا سرچ آپریشنز کے دوران کوائف کا اندراج کرتے ہوئے

سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث مزمل گینگ کا سرغنہ ساتھی سمیت گرفتار

موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا

راولپنڈی (نامہ نگار) پیرودھائی پولیس کی موثر کاروائی، رابری اور سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث مزمل گینگ کا سرغنہ ساتھی سمیت گرفتار، مسروقہ رقم 18 ہزار روپے، چھینے گئے 09 موبائل فونز، موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے رابری اور سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث مزمل گینگ کے سرغنہ کو ساتھی سمیت گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں گینگ کا سرغنہ مزمل اور شاہزیب شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ رقم 18 ہزار روپے، چھینے گئے 09 موبائل فونز، موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد (بقیہ نمبر 54)

شہدا کی یاد میں تھیلسیمیا کے شکار بچوں کے لئے پولیس لائن خیبر میں بلڈ ڈونیشن کیمپ کا انعقاد

آخر میں فرنٹیئر بلڈ فاونڈیشن نے خیبر پولیس کا شکریہ ادا کیا

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) شہدا کی یاد میں تھیلسیمیا کے شکار بچوں کے لئے پولیس لائن خیبر میں بلڈ ڈونیشن کیمپ کا انعقاد کیا گیا جسمیں پولیس افسران اور جوانوں سمیت 64 اہلکاروں نے خون کے عطیات دیئے۔ ضلع خیبر پولیس لائین میں فرنٹیئر بلڈ فاونڈیشن کے زیر انتظام پولیس بلڈ ڈونیشن کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں پولیس حکام اور جوانوں (بقیہ نمبر 53)

خیبر میں بلڈ ڈونیشن کیمپ کا انعقاد کیا گیا جسمیں پولیس افسران اور جوانوں سمیت 64 اہلکاروں نے خون کے عطیات دی

معیشت میں خواتین کی شمولیت کے بغیر کوئی بھی قوم ترقی نہیں کر سکتی، مقررین

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے ہمیشہ انڈسٹری اور اکیڈمی روابط کو فروغ دینے کے لیے کام کیا ہے

لاہور چیمبر میں مختلف شخصیات کا سرکاری محکموں کی جانب سے کاروباری برادری کو فراہم کی گئی سہولیات کے موضوع پر آگاہی سیشن سے خطاب

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) معیشت کی سرگرمیوں میں خواتین کی شمولیت کے بغیر کوئی بھی قوم ترقی نہیں کر سکتی، خواتین پاکستان کی نصف سے زیادہ آبادی پر مشتمل ہیں اور ملک کی ترقی میں ان کا کردار بہت اہم ہے، خواتین کے کردار کو وسعت دی جانی چاہیے، معاون ماحول پیدا کیا جانا چاہیے، کاروبار شروع اور قرضوں کی دستیابی آسان ہونی چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے لاہور چیمبر میں "سرکاری محکموں کی طرف سے کاروباری برادری کو فراہم کی جانے والی سہولت" کے موضوع پر ایک آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور نے کی جبکہ سیکرٹری پنجاب کمیشن آن سٹیٹس آف ویمن نا (بقیہ نمبر 51)

روان سال کی آخری قرعہ اندازی آج ہو گی

لاہور (این این آئی) 200 روپے مالیت کے قومی انعامی بانڈز کی قرعہ اندازی آج 15 دسمبر کو ہو گی جو رواں سال کی آخری قرعہ اندازی ہے۔ 200 روپے مالیت کے بانڈز کا پہلا انعام 7 لاکھ 50 (بقیہ نمبر 50)

برائلر گوشت 4 روپے فی کلو مہنگا، فارمی انڈے 15 روپے درجن سستے

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 4 روپے اضافے سے 396 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 3 روپے اضافے سے 264 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 15 روپے کمی سے 267 روپے فی درجن رہی۔

لیسکو چیف آج ای کچہری میں شکایات سنیں گے

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی صارفین کی بجلی سے متعلق شکایات کے ازالہ کیلئے چیف ایگزیکٹو لیسکو چوہدری محمد امین اپنی ٹیم کے ہمراہ آج (جمعرات) کو فیس بک پیج پر الیکٹرانک کچہری کا انعقاد کریں گے۔ لیسکو صارفین فیس بک پیج کے ذریعے اپنی شکایات لیسکو چیف تک براہ راست پہنچا سکتے ہیں۔

ظلم کی انتہا سرگودھا مریم ٹاؤن میں دو سگے بھائیوں کا معمولی سا تنازعہ ہوا

تاحال گھریلو جھگڑے اور گھر کو آگ لگانے کی کوئی خاص وجہ سامنے نہ آ سکی

سرگودھا (نبیل ادریس بھٹی سے) سرگودھا میں ظلم کی انتہا سرگودھا مریم ٹاؤن میں دو سگے بھائیوں کا معمولی سا تنازعہ ہوا جس کی بنا پر بڑے بھائی نے اپنے چھوٹے بھائی کو کمرہ میں بند کر کے کمرہ میں آگ لگا دی جس کی زد میں آ کر چھوٹا بھائی شدید زخمی ہو گیا زخمی کو فوری طور پر طبی امداد فراہم کر دی گئیں لیکن گھر میں موجود لاکھوں روپے مالیت کا سامان جل کر راکھ ہو گیا جس کے باعث گھر والے انتہائی پریشانی کے عالم میں (بقیہ نمبر 40)

نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کاروائی

غیر قانونی گندم اور آٹے کی ترسیل کرنے والوں کے خلاف کارروائی یقینی بنائی جائے گی

راولپنڈی (نامہ نگار) نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کاروائی، آٹے سے لدی گاڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام، 230 تھیلے آٹا برآمد۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کاروائی کرتے ہوئے آٹے سے لدی گاڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی، ڈرائیور فضل کو گرفتار کر کے 230 تھیلے آٹا برآمد کیا گیا، ایس پی پوٹھوہار کا کہنا تھا کہ غیر قانونی گندم اور آٹے کی ترسیل کرنے والوں کے خلاف کارروائی یقینی بنائی جائے گی۔

پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف مختلف کارروائیاں

7 ڈکیتوں کو گرفتار کر کے اسلحہ، موٹر سائیکلیں، موبائل فونز برآمد کر لیے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) لاہور میں پولیس نے مختلف کارروائیوں میں 7 ڈکیتوں کو گرفتار کر کے اسلحہ، تین موٹر سائیکلیں، موبائل فونز سمیت دیگر سامان برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے۔ شاہدرہ ٹاؤن پولیس نے تین رکنی متحرک موٹر سائیکل چور گینگ کو گرفتار کیا جن میں سرغنہ سلمان، ارمان اور عادل شامل ہیں۔ ملزمان کے قبضہ سے 5 موٹر سائیکلوں کے سپیئر پارٹس اور غیر قانونی اسلحہ برآمد ہوا۔ پولیس کے مطابق ملزمان رہائشی علاقوں اور سنسان گلیوں میں کھڑی موٹر سائیکل لیکر رفو چکر ہو جاتے مملوہ ان چوری کی ہوئی موٹر سائیکل کو کھول کر پارٹس میں فروخت کرتے۔ ریکارڈ یافتہ ملزمان نے دوران تفتیش مزید وارداتوں کا انکشاف کیا ہے جن کے خلاف مقدمات درج کر کے تفتیش کی جا رہی ہے۔ ایس پی سٹی سرفراز ورک نے ایس پی سٹی کی ایس ایچ او شاہدرہ ٹائن اور ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ موٹر سائیکل چوری کے انسداد کے لیے موثر اقدامات اپنائے جا رہے ہیں۔ ایس پی کینٹ ڈاکٹر محمد رضا تنویر کی

لاہور' پنکچر لگانے والا محنت کش کینال روڈ پر بیٹھا ہے

سی پی او راولپنڈی سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

راولپنڈی (نامہ نگار) سی پی او راولپنڈی سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 51 بھکاری گرفتار، پیشہ ور بھکاری نا صرف مختلف (بقیہ نمبر 45)

جنگل سے بھٹکی نیل گائے نارووال سے بحفاظت ریسکیو، نارنگ میں دیہاتیوں کے ہانکنے پر زسامبر چل بسا

لاہور (این این آئی) سیکرٹری جنگلات، جنگلی حیات و ماہی پروری پنجاب شاہد زمان کی خصوصی ہدایت پر ڈائریکٹر جنرل جنگلی حیات و پارکس پنجاب مبین الٰہی کی (بقیہ نمبر 46)

فیصل آباد، عدالتوں میں فیملی کیسز کی تعداد میں اضافہ

بارہ سو کے قریب مردوں نے یونین کونسل کے ذریعے براہ راست طلاق دائر کیں

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد میاں بیوی کے درمیان جھگڑے رواں سال عدالتوں میں فیملی کیسز کی تعداد میں اضافہ، پانچ ہزار سے زائد خواتین نے گھریلو جھگڑوں سمیت مختلف وجوہات کی بناء پر خلع کی ڈگریاں حاصل کیں جبکہ 11 ماہ کے دوران 7963 فیملی کیسز ڈسٹرکٹ کورٹس فیصل آباد میں رجسٹرڈ ہوئے جن میں زیادہ تر تنسیخ نکاح (بقیہ نمبر 47)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

پنجاب بھر میں 1159 ٹریفک حادثات 8 افراد جاں بحق

552 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیمز کی بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا

ٹریفک حادثات 579 ڈرائیوز، کم عمر ڈرائیور 42 مسافر 483 اور 145 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پنجاب ایمرجنسی سروس نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1159 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 647 افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی اور تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 552 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیمز کی جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم (بقیہ نمبر 41)

ڈاکٹر لالہ رخ نے فوڈ مالکان کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لئے فوری احکامات جاری

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ خصوصی) ائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی مدثر ریاض ملک کی ہدایت پر پنجاب فوڈ اتھارٹی خوشاب میں ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشن ڈاکٹر لالہ رخ کی زیر نگرانی خوشاب کے بیف اور مٹن کے فوڈ بزنس حضرات کو ایڈمن آفیسر محمد اسد رمضان نے فوڈ اتھارٹی کے ایس او پیز اور صفائی کے متعلق آگاہی فراہم کی قصابو (بقیہ نمبر 42)

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 15 دسمبر 2022ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نامہ نگار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 15 دسمبر، صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے (بقیہ نمبر 44)

آیان

عامر محمود 0311-5185882

فیاض احمد 0300-7817756

ووڈ ورکس اینڈ فرنیچر ہاؤس

ہمارے ہاں، کھڑکیاں، دروازے، اٹالین کچن الماریاں، ریلنگ، پیلنگ، فرنیچر اور لکڑی کا ہر قسم کا کام انتہائی مناسب ریٹ پر کیا جاتا ہے

نیز کوٹھیوں، مکانوں اور آفس فینسی سے فینسی کام تسلی بخش کیا جاتا ہے

ایک بار وزٹ ضرور کروائیں

ناصر CNG اینڈ آٹو ورکشاپ

CNG اور آٹو پارٹس دستیاب ہیں

فری آئل چینج

مکینک: ناصر محمود 0332-5683901 0345-5259129

مکینک ظفر اقبال 0343-6818018

A Name of Quality & Trust

HASSAN Consultant

Architects & Engineers

The Best House for your Family

اپنے گھر، پلازہ، بلڈنگ دوکانات کے کمپیوٹرائزڈ نقشہ جات بنوانے کیلئے تشریف لائیں

M. Hassan Shahzad

Chief Executive Officer

0303-2167236

0311-8700236

Office: Patha mandi Chowk 14 Block sargodha.